
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

# URDU UNIVERSITY

## Newsmagazine

Issue no.5 January, 2002

**Special issue on Maulana Abul Kalam Azad Day**





*Hon'ble President of India & Visitor of the University, Mr. K. R. Narayanan in conversation with the Vice-Chancellor, Prof. M. Shamim Jairajpuri during the Maulana Abul Kalam Azad Day organised by the University at INSA, New Delhi on 11th Nov., 2001*

Scanned with CamScanner


# SPEAKERS OF THE FUNCTION



Mr. K.R. Narayanan


Mr. I.K. Gujral


Prof. M.Shamim Jairajpuri



Justice A.M. Ahmadi


Prof. A.R. Kidwai


Mr. Saiyid Hamid


Mr.Shahid Mahdi


Mr. Moosa Raza


Mr. S. Shahabuddin



Mr. Siraj Hussain


Prof. Namwar Singh


Kh. Hasan Saani Nizami


Dr. Khaleeq Anjum


Prof. Akhtarul Wasey


Mr. Z.A. Islahi


Prof. Qamar Rais


Dr. S.I. Farooqi

# Presidential address by Shri INDER KUMAR GUJRAL

(Former Prime Minister of India & Chancellor, MANUU)

**Respected Rashtrapatiji, distinguished friends,**

I am deliberately speaking in English so that our honoured guest is able to know what we are talking about. Of course the University is committed to Urdu and that commitment is abiding. Sir, it is a matter of great honour for this young university that symbolises a great cause, to welcome you, the President of India, amidst us. You are its Visitor and also the fountain-head, which I may say so you are welcome in your own institution. We are assembled here this afternoon primarily to celebrate the Birthday of a great son of India, Maulana Abul Kalam Azad whose name adorns this university. A grateful nation recalls his heroic role in the freedom struggle of India. The epical non-voilent struggle lead by Gandhiji had many distinctive characteristics that I need not recount at this moment. Though, I must say that apart from many other things the freedom struggle produced an array of leaders whose vision was to lay the foundation of the first Republic of India. Maulana Azad occupied a vanguard position amongst them. He was only leader in India who was President of the Indian National Congress for seven years continuously from 1939-1946, a very crucial period in India's history. When India was turning corner, freedom had become visible. Therefore at that time we needed a leader of his type and of his calibre to negotiate with various Missions that were coming from England to determine the future of the sub-continent. Being the President of the Congress, he was the main negotiator with various Missions sent by the colonial rulers.

I need not emphasise and repeat that he was a committed leader to nation's unity. He had once said in one of his historic speeches that if any one-day nature were to offer him an option between freedom first or freedom immediate and the Hindu-Muslim unity, he would prefer Hindu-Muslim unity, and that is the hallmark of Maulana Azad's personality. This was not a hollow rhetoric, he tried his utmost to resist the partition of the land. History has recorded, and I need not elaborate, that he was the real author of what is called the Cabinet Mission Plan that would have kept the land together. But the ironies of history turned in a different direction. Maulana Azad was a very clear-eyed visionary, his faith in religiosity was in no way contra to India's development in its scientific temper and scientific growth. As we came in sir, you would have seen Maulana Azad inaugurating the IIT of Kharagpur. He was the Education minister who was seeing at that time the future of India. As Minister in-charge of Education and with the help and support of his collaborator and jail-mate, Jawaharlal Nehru, he built the institutions of technology and scientific knowledge that really built the background and backbone of our growth today. Now these institutions that were visualised and built at that time occupy vangaurd position in the Information Technology that are making India proud. Therefore, on his Birthday a grateful nation acknowledges his contributions, and a grateful nation also bows its head in respect to his vision.

Conforming to his vision, the University as its Vice-chancellor has spelt out to you is giving a very high priority to education of Science and technology. It is equally conscious that our vast country and large



Scanned with CamScanner

population can be educated by distant education. With the help of modern tools of information technology, it is now possible to really build an education from a distance, and also it has now become possible and also important that whether we teach Sciences, Social Sciences and other Sciences, the medium of people's mother tongue is of great importance. We can possibly involve and include those who speak Urdu in this method. The real challenge before India today is all-inclusive in education so that no section of society is excluded because of other languages that may not be spoken by some others. Indian democracy can really survive and also become intense only by enriching the mother-tongues of the people.

We are very proud of Urdu as a national language. It has a rich heritage and I do not want to take your time Sir to tell you that University which adorns the name of Maulana Azad is attaching high priority to advancement of Urdu and also widening Urdu as a medium in those areas which were not touched earlier. As you would have seen while coming here, that some books have already been written, some are being translated. And here I may embarrass the Vice-chancellor by telling him that we are lucky that the Vice-chancellor himself is a man of Science and therefore he has a vision.

Maulana Azad, Sir as you know, was indeed a man of colossal dimensions and indomitable courage. He always stoodfast, always conscious of the nation's legacies, always votary of the national unity, always viewing education as an instrument of growth and development. He was a deeply religious man, but not sectarian and also not obscurantist. He, by his own life, told us that being a secular has also its modern inputs, and by his own example, he made it possible for us to understand. While understanding secularism once again a grateful nation pays homage to him. His contributions in evolving a concept of secularism in conformity with Indian civilisation will always be remembered. May I sir, with your permission, pay homage to his memory, on behalf of the University, and if I may have the courage to say, on behalf of a grateful nation. I do hope that in coming years and times, this University will be the main instrument for interpretation of Maulana Azad's ideas and his vision, and history will do better justice to him. Thank you Sir for coming here.







## Addres by Shri K.R.NARAYANAN, Chief guest of the function

**(President of India & Visitor, Maulana Azad National Urdu University)**

**Shri I. K. Gujralji, Prof. Shamim Jairajpuri and distinguished guests & friends,**

I am privileged to participate in the celebrations organized to commemorate the 113th Birth Anniversary of Maulana Abul Kalam Azad. Maulana Azad was a legendary figure in our long and arduous struggle for independence. He blended in his personality remarkable traits of religious outlook and modernity, spirit of nationalism and constructive Islamic internationalism, a spiritual bent of mind and a deep secular vision. Mahatma Gandhi had remarked that Maulana Azad was his guide on the Hindu Muslim question and "his nationalism is as robust as his faith in Islam". Pandit Jawaharlal Nehru very appropriately said, "He was a strange mixture of medieval scholasticism, eighteenth century rationalism and a modern outlook." His sacrifices for our epic fight for freedom were beyond measure. His contributions as a builder of modern India will be recalled by generations to come with gratitude and admiration. But the most distinguishing aspect of his life and deeds is his profound religious outlook and his challenging vision of India as a great, ancient and inclusive civilization incessantly moving forward on the path of modernization, rationalism and secularism. Defining the idea of tolerance and identity of an Indian he once said, "The Indian refused to ignore other religions and fight them out of existence. He did not possess the pride of the fanatic that his was the one true religion." It is appropriate to derive lessons from such a worldview which transcends all divisions, differences and barriers. Such an inclusive approach has always been a guarantor of the cultural unity and intellectual integrity of India and is intensely and poignantly relevant in our own time.

Indeed Maulana Azad's deep religious faith, his vision of India and his love for his country are profoundly pertinent to the present and the future of India. He declared once "I am a Muslim and proud of being one. Thirteen hundred years of its tradition are my heritage. I am not prepared to waste its tiniest part." But he added "The spirit of Islam does not stop me. It is in fact my guide along the path. With pride I feel I am an Indian. I am a particle of the indivisible Indian nationalism... I will never relinquish this belief of mine."

It was this deep-seated belief that the Maulana spelt out when he was elected as the President of the Indian National Congress in 1940. What he said on that occasion is of utmost relevance today and in the future that it merits being quoted fully. He said: "Eleven hundred years of common history (between Hindus and Muslims) have enriched India with our common achievements. Our language, our poetry, our literature, our culture, our art, our dress, our manners and customs, the innumerable happenings of our daily life, everything bears the stamp of our joint endeavour. There is indeed no aspect of life which has escapted this stamp. Our languages were different, but we grew to use a common language, our manners and customs were dissimilar, but they acted and reacted on each other and thus produced a new synthesis. This joint wealth is the heritage of our common nationality.... If there are any Hindus amongst us who desire to bring back the



Scanned with CamScanner

Hindu life of a thousand year's ago and more, they dream and such dreams are vain fantasies. So also if there are any Muslims who wish to revive their past civilization and culture which they brought a thousand years ago from Iran and Central Asia, they dream also and the sooner they wake up the better. These are unnatural fancies which cannot take root in the soil of reality ... This thousand years of our joint life has moulded us into a common destiny ... The cast has now been moulded and destiny has set her seal upon it". In these words the Maulana had spoken for his times and for all time to come. It is this man of vision and acute realism, of whom Nehru said he had "a mind as keen as razor's edge" and of "strong common sense" with "a vast fund of knowledge", that we are remembering and honouring today.

Almost in anticipation of the dangerous theory of clash of civilizations and cultures, Maulana Saheb had written as early as 1951 about the unity of cultures, different races and of peoples of all the countries of the world. He had very prophetically said, "I would like to refer to the so called opposition between East and West, or between different races and cultures. Most accounts of such conflicts seem in any case to be based on misunderstanding of facts. We are told that centuries before the Christian era, the Persian attack on Greece was an attack of the East and the West and led to a counter attack by the West led by Alexander. Are these however conflicts between East and West, or campaigns of conquest by individuals who wanted to bring the whole of the known world under their sway? It seems to me that we have thus created needlessly a myth of conflict between East and West extending over millenniums." The myth that Maulana Azad talked four decades back is now being carried forward and propounded by leading and influential intellectuals of the world. Even the war against terrorism is being projected by some people as a clash of civilizations which is a dangerous way of looking at the sinister phenomenon of terrorism. Referring to the centuries old civilization of India Maulana Azad had written, "Here every kind of faith, every kind of culture, every mode of living was allowed to floursih and find its own salvation ... What we actually do not find is the clash of opinions or the breaking of the heads merely because of the difference of opinion". What Maulana Azad saw in India in terms of the absence of clash of opinion is also true at the international level where cultures and civilizations have never clashed but the barbarians. We can fight against this theory by following Maulana Azad's philosophy. He had in fact said that the greatest obstacle against the unity of cultures of the world is narrow mindedness or narrow nationalism. He described this as a social disease and prescribed that the sutdy of History and Geography must be redesigned to make it free from passion and prejudices so that unity of mankind and culture is promoted.

Today when advances in science and technology have enabled us to map the human genome and the genome of plants, scientists have found out the truth that human beings wherever they may be, are all one. We are told by the scientists that 99% of the genes of all human beings are same. Maulana Azad had articulated this idea which has been articulated at a philosophical level and which is ingrained in our civilized existence for centuries. He said, "... human race is one in origin and all men are akin to one another ... It is not to my mind incompatible with the belief in the theory of evolution. We can accept that theory and still hold that all men belong to same species and differences among them developed on account of differences



in environment and other factors". Outlining our problems in society he had once very prophetically said that, "our present difficulties, unlike those of Europe, are not creations of materialistic zealots but of religious fanatics". Today, Ladies and Gentlemen, the spread of religious fundamentalism and the cult of intolerance are the most important stumbling blocks on our path of progress and prosperity. When there is so much talk about rewriting history, we must keep in mind the words of Maulana Azad who once said that correct writing of history and its proper teaching is the best antidote to the violence and hatred that had permeated to the different religious groupings of our society. In that context he outlined the scheme of social education, the main purpose of which was to develop the idea of true citizenship among our people by infusing tolerance among them, promoting clean and healthy living and respect for the laws. What we need is a rededication to these ideals outlined by Maulana Azad so that our society grows up in a healthy manner and our secular and tolerant ethos and composite culture are consolidated.

Like Mahatma Gandhi and Pandit Nehru, Maulana Azad was a staunch advocate of women's education. He held that "education cannot wait" and said, "Our educational programme will ultimately depend upon the proper education of women. If women take to education more than half our problems are solved". Maulana Azad's vision of a new India is a source of inspiration for all of us who are striving hard to realize it in practice. We have to ever rededicate ourselves to that challenging task. Only by doing this we can truly honour him and remember that great personality in full measure.

It is significant that Maulana Azad's birthday is being celebrated today under the auspices of the Maulana Azad National Urdu University.

Maulana Azad entered public life through the medium of Urdu journalism. He established many Urdu newspapers and enriched the field of Urdu language through his writings. Urdu has become an international language today. It has produced such great poets and writers who can be comparable to other world renowned literary figures. Today Urdu is the third largest language of India and it is included in the 8th Schedule of the Constitution. There are 43 million people constituting over 5% of the population speaking Urdu in India. It is recognized as a language for Sahitya Academy Awards. It is the official language of Jammu and Kashmir, the second official language of Andhra Pradesh, Bihar and Delhi. And as Pandit Nehru once pointed out Urdu is a link with Western Asia and with countries whose friendship is important to India. Above all it is a lively link with the people of Pakistan. Urdu represents a fusion of cultures, and for India it is an integrating and synthesizing language. Mahatma Gandhi had seen this role of Urdu and he had pleaded for a language for India which is an amalgam of Hindi and Urdu - Hindustani. At the Hindi Sahitya Sammelan held in Indore in 1918 he said that Hindi is incomplete without Urdu. He later said that after the attainment of independence: "In my view he who objects to Urdu is to that extent less of an Indian". Maulana Azad National Urdu University is making important contributions for the promotion of Urdu language not only at the national level but at the international level. I wish the University all success in its future endeavours and pay my homage to the memory of Maulana Abul Kalam Azad.



Scanned with CamScanner

## یوم ابوالکلام آزاد تقریب میں وزیر عالیجناب کے آر نرائنن کا کلیدی خطبہ

شری آئی کے گجرال جی

پروفیسر شمیم جیراجپوری

اور معزز مہمانان و دوستو!

میں مولانا ابوالکلام آزاد کے ۱۱۳ویں یوم پیدائش منانے کے لیے منعقدہ اس تقریب میں شریک ہو کر خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ مولانا آزاد طویل اور انتہائی مشکل جدوجہد آزادی کی ایک قد آور شخصیت تھے۔ اُن کی شخصیت میں مذہبیت اور جدیدیت' قومیت کی روح اور تعمیری اسلامی بین الاقوامیت' صوفیانہ مزاج اور شدید جمہوری بصیرت کا امتزاج پایا جاتا تھا۔ مہاتما گاندھی نے کہا تھا کہ ہندو مسلم سوال پر مولانا آزاد اُن کے رہنما تھے اور "اُن کی قوم پرستی اتنی ہی قوی ہے جتنا اسلام پر اعتقاد۔" پنڈت نہرو نے درست ہی کہا تھا کہ "وہ عہد وسطی کے دیجاتی اور فلسفیانہ نظام' اٹھارہویں صدی کی تعقل پسندی اور جدید زاویہ نگاہ کے حیرت انگیز مرکب تھے۔" ہماری آزادی کی لڑائی کے لیے اُن کی قربانیاں بے حساب ہیں۔ جدید ہندستان کے معمار کی حیثیت سے اُن کی خدمات کو آنے والی نسلیں انتہائی ادب و احترام سے یاد کریں گی۔ مگر اُن کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو اُن کا سخت گیر مذہبی نقطہ نگاہ اور ہندستان کو عظیم' قدیم اور مختلف النوع تہذیبوں کے ایک ملک کی حیثیت سے اسے مسلسل جدیدیت' تعقل پسندی اور سیکولرزم کی راہوں پر آگے بڑھانے کا چیلنج بھرا تصور تھا۔ رواداری اور کسی ہندستانی کی شناخت کے بارے میں اپنا نظریہ بیان کرتے ہوئے اُنہوں نے ایک بار کہا تھا کہ "ہندستانی نے دیگر مذاہب کو نظرانداز کرنے اور ان کے وجود کو ختم کرنے سے انکار کر دیا۔ اُس نے کبھی متعصب ہونے پر فخر نہیں کیا کہ صرف اُسی کا مذہب سچا ہے۔" "یہ مناسب ہے کہ ہم ایسے آفاقی نظریے سے سبق حاصل کریں جو ہر طرح کی 'تقسیم' اختلافات اور رکاوٹوں سے بالاتر ہے۔ ایسی ہی وسیع النظری ہمیشہ سے ہندستان کی تہذیبی یگانگت اور روشن خیالی کی ضمانت رہی ہے جو خود ہمارے ہی دور سے متعلق ہے۔

مولانا آزاد کا مذہب میں بڑا گہرا اعتقاد تھا مگر اسی کے ساتھ ہندستان کے لیے اُن کے خیالات اور اپنے ملک سے اُن کا پیار بھی گہرا تھا جس کا تعلق ہندستان کے حال اور مستقبل دونوں ہی سے تھا۔ اُنہوں نے ایک بار کہا تھا کہ "میں ایک مسلمان ہوں اور اس پر فخر کرتا ہوں۔ تیرہ سو سال کی روایات میری میراث ہیں۔ میں اس وراثت کا معمولی سے معمولی حصہ بھی ضائع نہیں کر سکتا۔" مگر اُنہوں نے یہ بھی کہا تھا "اسلام کی روح مجھے روکتی نہیں بلکہ دراصل وہ میرے راستے میں میری رہنمائی کرتی ہے۔ میں فخریہ محسوس کرتا ہوں کہ میں ایک ہندستانی ہوں۔ میں غیر منقسم ہندستانی قوم پرستی کا ایک ذرہ ہوں۔۔۔۔۔ اور میں اپنی اس سوچ کو کبھی نہیں بدلوں گا۔"

یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ ۱۹۴۰ء میں مولانا کا انڈین نیشنل کانگرس کے صدر کی حیثیت سے ایک بہترین انتخاب تھا۔ اُس موقع پر اُنہوں نے جو کہا تھا وہ نہ صرف آج کے دور میں اپنی معنویت رکھتا ہے بلکہ اس کی اہمیت مستقبل میں بھی ہوگی۔ اُنہوں نے کہا تھا "گیارہ سو برسوں کی مشترکہ تاریخ (ہندوؤں اور مسلمانوں کی) نے ہمارے مشترکہ کارناموں سے ہندستان کو ترقی دی ہے۔ ہماری زبان' ہماری شاعری' ہمارا ادب' ہماری تہذیب' ہمارا فن' ہمارے لباس' ہمارے اطوار اور رسم و رواج اور ہماری زندگیوں میں پیش آنے والے روزمرہ کے بے شمار واقعات پر ہماری مشترکہ کوششوں کی مہر ثبت ہے۔ زندگی کا کوئی بھی پہلو ایسا نہیں ہے جو اس مہر سے بچا ہوا ہے۔ ہماری زبانیں مختلف تھیں مگر ہم نے ایک مشترکہ زبان کو جنم دیا۔ ہمارے اطوار اور رسم و رواج یکساں نہیں تھے لیکن اسے ایک دوسرے نے اس قدر اختیار کیا کہ اس سے ایک نئی اور مخلوط تہذیب وجود میں آئی۔ یہ مشترکہ دولت ہماری مشترکہ قوم پرستی کی میراث ہے۔ اگر ہمارے درمیان کوئی ہندو ہے جو ہندو زندگی کو ہزار برس یا اس سے بھی زائد پیچھے لے جانا چاہتا ہے تو وہ محض خواب میں ہیں اور خواب ہمیشہ خواب ہی رہتے ہیں۔ اور اسی طرح اگر کوئی مسلمان ہے جو ہزار برس پہلے ایران اور وسطی ایشیا سے آنے والی تہذیب و ثقافت کو زندہ کرنا چاہتا ہے تو وہ بھی محض ایک خواب ہے اور وہ اس خواب سے جتنی جلد بیدار ہو جائیں اتنا ہی اچھا ہے۔ یہ غیر فطری خیالات ہیں جن کی جڑیں حقائق کی مٹی میں پنپ نہیں سکتیں۔ ہزاروں برس کی ہماری اس مشترکہ زندگی نے ہمارے مقدرات کو بھی یکساں کر دیا ہے۔۔۔۔ ذات پات کا فرق مٹ چکا ہے اور مقدر نے اُس پر اپنی مہر لگا دی ہے۔" مولانا نے یہ الفاظ آج کے لیے بھی کہے اور آنے والے دنوں کے لیے بھی۔ یہ وہی صاحب بصیرت اور حقیقت پسند شخص ہے جس کے لیے پنڈت نہرو نے کہا تھا کہ اُن کا ذہن کسی بلیڈ کی دھار کی طرح تیز ہے اور اُن کے پاس معلومات کے خزینے کے ساتھ زبردست سوجھ بوجھ ہے۔۔۔۔ اور اسی شخصیت کو آج ہم لوگ عقیدت کے ساتھ یاد کر رہے ہیں۔

تہذیب و ثقافت کے ٹکراؤ کی خطرناک تھیوری کے خدشے کے تحت مولانا صاحب نے ۱۹۵۱ء سے پہلے ہی تہذیبوں کے اتحاد' مختلف نسلوں اور دُنیا کے تمام ممالک کے عوام کے بارے میں لکھا تھا۔ انہوں نے بہت ہی درست کہا تھا کہ "میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مختلف نسلوں اور تہذیبوں یا مشرق و مغرب کے درمیان جو مخالفت ہے اُس کی بنیادیں غلط فہمیوں پر ہیں۔ یہ کہا گیا ہے کہ قبل مسیح ایرانیوں نے یونان پر جو حملہ کیا تھا وہ مشرق کا مغرب پر حملے کے مترادف تھا اور اسی کے نتیجے میں الگزینڈر کی قیادت میں مغرب نے جوابی حملہ کیا۔ کیا یہ مشرق و مغرب کا ٹکراؤ ہے یا کسی فرد کی فتحیابی کی مہم کا ایک حصہ ہے جو پوری معلوم دنیا کو اپنا تحت بنا لینا چاہتا تھا۔ مجھے ایسا لگتا ہے کہ ہم لوگوں نے مشرق و مغرب کے درمیان ٹکراؤ کا ایک



غیر ضروری افسانہ بنا لیا ہے جو صدیوں سے چلا آ رہا ہے۔ جس فسانے کے بارے میں مولانا آزاد نے چار دہائی قبل ذکر کیا تھا اسے آج دنیا کے ممتاز اور بااثر دانشور آگے بڑھا رہے ہیں۔ حد یہ ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو بھی بعض لوگ تہذیبوں کے ٹکراؤ کا نام دے رہے ہیں جو کہ دہشت گردی کے شیطانی انداز کو آنکنے کا خطرناک طریقہ ہے۔ مولانا نے ہندستان کی صدیوں قدیم تہذیب کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا تھا کہ "یہاں ہر طرح کے اعتقادات' ہر طرح کی تہذیب' ہر طرح کی طرز زندگی کو پھلنے پھولنے اور اپنی راہ نجات تلاش کرنے کی اجازت دی گئی۔ دراصل جو ہمیں نہیں ملا وہ نظریاتی ٹکراؤ یا محض نظریاتی اختلاف کی بنا پر آپسی جھگڑا ہے۔ مولانا آزاد نے ہندستان میں جو نظریاتی ٹکراؤ کی عدم موجودگی دیکھی تھی وہ بین اقوامی سطح پر بھی درست ہے جہاں کبھی بھی تہذیب و ثقافت کا ٹکراؤ نہیں ہوا بلکہ وحشیوں میں ٹکراؤ ہوا۔ ہم مولانا آزاد کے فلسفے کے تحت اس تھیوری کے خلاف مقابلہ کر سکتے ہیں۔ دراصل اُنہوں نے کہا تھا کہ دنیا کی تہذیبوں میں اتحاد کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ تنگ ذہنی یا تنگ قوم پرستی ہے۔ اسے اُنہوں نے سماجی بیماری قرار دیتے ہوئے اس کے علاج کے طور پر تاریخ اور جغرافیے کے از سر نو مطالعے پر توجہ دلائی تھی تاکہ غیر معمولی عقیدت اور بدگمانی سے آزاد ہو تاکہ انسانیت اور تہذیب کے اتحاد کو فروغ دیا جائے۔

آج جبکہ سائنس و ٹکنالوجی کی ترقی نے ہمیں انسانی اور پیڑ پودوں کے جینوم کو سمجھنے کے لائق بنایا ہے' سائنس دانوں نے اس حقیقت کو پایا ہے کہ انسان خواہ کہیں کے بھی ہوں' سبھی یکساں ہیں۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ سارے انسانوں کے ۹۹ فیصد جینس یکساں ہوتے ہیں۔ مولانا آزاد نے فلسفیانہ سطح پر اس نظریے کو بیان کیا جو صدیوں سے ہمارے مہذب وجود کا حصہ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ "۔۔۔ انسانی نسلیں بنیادی طور پر ایک ہی ہیں اور تمام بنی نوع انسان ایک دوسرے کے مساوی ہیں۔۔۔۔ میرے ذہن میں یہ بات نظریہ ارتقا میں یقین کے منافی نہیں ہے۔ ہم اس نظریے پر یقین کرتے ہوئے بھی یہ مانتے ہیں کہ تمام انسان حیاتیات کی ایک ہی قسم سے تعلق رکھتے ہیں اور اُن میں جو فرق پایا جاتا ہے اُس کی وجہ الگ الگ ماحول میں اُن کا وجود اور بعض دیگر اسباب ہیں۔" ہمارے سماجی مسائل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک بار اُنہوں نے بہت درست کہا تھا کہ "ہمارے موجودہ مسائل' یورپ والوں کے برعکس' مادیت پرستی کے پیدا کردہ نہیں ہیں بلکہ مذہبی بنیاد پرستی اور عدم رواداری ہماری ترقی اور خوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ جب تاریخ کو از سر نو لکھنے کی باتیں ہوتی ہیں ہمیں ایسے موقع پر مولانا آزاد کے الفاظ ضرور یاد رکھنے چاہئیں جنہوں نے ایک بار کہا تھا کہ تاریخ کی صحیح پیش کش اور اُس کی موزوں تدریس اُس تشدد اور نفرت کی بہترین تریاق ہیں جو ہمارے سماج کے مختلف مذہبی گروپوں میں سرایت کر گئی ہے۔ اسی تناظر میں اُنہوں نے سماجی تعلیم کی اسکیم تیار کی جس کا اصل مقصد عوام میں رواداری' صاف ستھری اور صحت مند زندگی اور قانون کے احترام کا احساس رکھنے والے سچے شہری کی خوبیاں پیدا کرنا تھا۔ آج دراصل مولانا آزاد کے ان بہترین نظریات کی تکمیل کے لیے خود کو دوبارہ وقف کر دینے کی ضرورت ہے تاکہ ہمارا سماج صحت مند طریقے سے فروغ پائے اور ہماری سیکولر اور رواداری کا قومی مزاج اور مشترکہ کلچر زیادہ سے زیادہ مضبوط ہو سکے۔

مہاتما گاندھی اور پنڈت نہرو کی طرح مولانا آزاد بھی تعلیم نسواں کے زبردست حامی تھے۔ اُن کا کہنا تھا کہ "تعلیم انتظار نہیں کر سکتی" اور یہ کہ "ہمارا تعلیمی پروگرام بالآخر خواتین کی مناسب تعلیم ہی پر موقوف ہوگا۔ اگر خواتین تعلیم یافتہ ہو جائیں تو ہمارے نصف مسائل حل ہو جائیں گے۔" نئے ہندستان کے تعلق سے مولانا آزاد کا نظریہ ہم سب کے لیے ترغیب کا باعث ہے جو اسے بچ کر دکھانے کے خواہشمند ہیں۔ ہم سبھوں کو چیلنج سے بھرے اس مقصد کی تکمیل کے لیے خود کو وقف کر دینا ہوگا۔ صرف ایسا ہی کر کے ہم صحیح معنوں میں اُنہیں اُن کے شایان شان خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے یاد کر سکتے ہیں۔

یہ خوشی کی بات ہے کہ آج مولانا آزاد کا یوم پیدائش مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے تحت منایا جا رہا ہے۔

مولانا آزاد نے اُردو صحافت کے ذریعے عوامی زندگی میں قدم رکھا۔ اُنہوں نے کئی اُردو رسائل شروع کیے اور اپنی تحریروں کے ذریعے اُردو زبان کو فیض پہنچایا۔ **اُردو آج ایک بین اقوامی زبان بن گئی ہے۔ اس میں ایسے ایسے شاعر اور ادیب پیدا ہوئے ہیں جن کا مقابلہ دنیا کی معروف ادبی شخصیتوں سے کیا جا سکتا ہے۔ آج اُردو ہندستان کی تیسری سب سے بڑی زبان ہے اور یہ آئین کے آٹھویں شیڈول میں شامل ہے۔ ہندستان میں چار کروڑ تیس لاکھ افراد یعنی پوری آبادی کے پانچ فیصد سے زائد لوگ اُردو بولتے ہیں۔** اسے ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ کے لیے بھی ایک زبان کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ جموں و کشمیر کی سرکاری زبان اور آندھرا پردیش' بہار اور دہلی کی دوسری سرکاری زبان ہے اور جیسا کہ ایک بار پنڈت نہرو نے اشارہ کیا تھا کہ اُردو مغربی ایشیا اور ایسے ممالک کے درمیان رابطے کی زبان ہے جن سے دوستی کرنا ہندستان کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔ اور ان سب سے بڑھ کر یہ پاکستانی عوام سے بھی رابطے کی زبان ہے۔ اُردو مختلف تہذیبوں کا سنگم ہے اور ہندستان کے لیے یہ ایک لڑی میں پرونے والی زبان ہے۔ مہاتما گاندھی نے اُردو کی اس اہمیت کو سمجھا تھا اور اسی لیے اُنہوں نے ایک ایسی زبان 'ہندستانی' کی مانگ کی تھی جو ہندی اور اُردو سے مل کر بنی ہو۔ ہندی ساہتیہ سمیلن منعقدہ اندور' 1918 میں اُنہوں نے کہا تھا کہ اُردو کے بغیر ہندی نامکمل ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا تھا کہ آزادی حاصل ہونے کے بعد "میرے خیال میں اگر کوئی اُردو پر اعتراض کرتا ہے تو وہ ایک خالص ہندستانی سے کمتر ہے۔" **مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی اُردو کے فروغ کے لیے نہ صرف قومی بلکہ بین اقوامی سطح پر انتہائی اہم رول ادا کر رہی ہے۔ میں آنے والے دنوں میں یونیورسٹی کی کامیابیوں کی تمنا کرتا ہوں اور مولانا ابوالکلام آزاد کی یادوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔**

(انگریزی سے ترجمہ)



Scanned with CamScanner

ایکٹ سے واقف نہیں ہیں جس میں ووکیشنل، ٹکنیکل اور سائنسی مزاج کے کورسوں پر خصوصی زور دیا گیا ہے۔ ایکٹ میں تعلیم نسواں پر بھی زور ہے۔ انھیں سب باتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہم نے ابتدائی دور میں یہ شعبہ جات قائم کیے ہیں اور عزت مآب صدر جمہوریہ ہند جناب کے۔ آر۔ نرائن صاحب نے اِن کی منظوری بھی دے دی ہے۔ اس طرح یونیورسٹی کی سمت کا تعین کیا جاچکا ہے اور یہ سمت صرف اور صرف عصری علوم ہے۔ ساتھ ہی وہ تمام کورسز ہیں اور رہیں گے جن سے طلبہ کو روزگار میسر ہو سکے اور جو دوسری یونیورسٹیوں میں بھی پڑھائے جاتے ہیں۔ البتہ اِس یونیورسٹی کا امتیاز یہ رہے گا کہ یہاں تمام تر کورسز اُردو میڈیم میں دیے جائیں گے۔ جہاں تک اُردو زبان وادب کا سوال ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا ایک اعلیٰ درجے کا ڈپارٹمنٹ قائم ہوگا جسے ہندستان کے تمام اُردو شعبہ جات سے بہتر بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ اس سال ہماری یونیورسٹی کے پہلے گریجویٹس یونیورسٹی کی تعلیم مکمل کر رہے ہیں۔ میری حکومت ہند سے یہ درخواست ہے کہ انھیں دوسری یونیورسٹی کے گریجویٹس کے مماثل سمجھا جائے اور جہاں بھی ممکن ہو نوکری دی جائے۔ یہ بات بھی بتانا چاہتا ہوں کہ انھیں مضامین تو اُردو میں پڑھائے گئے ہیں لیکن ساتھ ساتھ انگریزی و ہندی کی بھی تعلیم دی گئی ہے تاکہ انھیں کسی طرح کی دشواری نہ ہو۔

لائبریری کے تعلق سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ابتدا ہی سے ہمارے ذہن میں یہ رہا ہے کہ اُردو یونیورسٹی کی لائبریری جس کی اہمیت کسی بھی تعلیمی ادارے میں قلب کی سی ہوتی ہے، انتہائی شاندار اور وسیع ہو اور اس کے دامن میں ہندستان کے ساتھ ساتھ دنیا کی تمام اُردو زبان اور اُردو میں دوسرے علوم سے متعلق کتابیں موجود ہوں تاکہ ہر اس شخص کو جو اُردو یا اُردو میں سائنسی اور دوسرے علوم کی تعلیم یا تحقیق کرنا چاہتا ہے اُسے اِس یونیورسٹی سے رُجوع کر کے مسرت اور اطمینان حاصل ہو۔ ایسا کرنے کے لیے ہمیں جدوجہد کرنی پڑے گی اور ہم ایسا کر بھی رہے ہیں۔ گزشتہ ساڑھے تین برسوں میں ہماری یونیورسٹی نے کافی کتابیں حاصل کرلی ہیں جو لائبریری کی بہترین شروعات کہی جاسکتی ہے۔ بہت سے لوگ اور کتب خانے جن کے پاس اُردو کے ذخیرے موجود ہیں وہ ہمیں کتابیں عطیہ کرنا چاہتے ہیں۔ کیمپس میں لائبریری کی اپنی عمارت بننے کے بعد اس سمت بھی پہل کی جائے گی۔

یونیورسٹی کی اس مختصر رپورٹ کے بعد آج کی تقریب کے اصل موضوع پر آتا ہوں۔ چونکہ یہاں ہمارے زیادہ تر مہمان مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت اور کارناموں پر بڑے جامع انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے اس لیے میں صرف چند جملوں پر ہی اکتفا کروں گا اور یونیورسٹی کی جانب سے اس فرض کی ادائیگی اپنے رہنما بزرگ شری اندر کمار گجرال صاحب پر چھوڑتا ہوں۔ مولانا ابوالکلام کی شخصیت اگر میں مختصر الفاظ میں بیان کروں تو سب سے پہلے یہ کہنا چاہوں گا کہ ہندستان میں انیسویں اور بیسویں صدی میں جو چند ایک عظیم شخصیات پیدا ہوئیں ان میں مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ وہ نہ صرف ایک پرزور، پرمغز اور پرکشش شخصیت کے مالک تھے اور ان کے اندر ہندستان سے محبت، ایثار، حب الوطنی اور قوم پرستی بدرجہ اتم موجود تھی بلکہ انھوں نے ہر ممکن کوشش کی کہ کسی طرح یہ ملک تقسیم ہونے سے بچ جائے۔ تقسیم ملک کے سلسلے میں اُنھوں نے جن خدشات اور خطرناک نتائج کی پیشن گوئی کی تھی وہ اس تکلیف دہ حادثے کے بعد ایک ایک کر کے سچ ثابت ہوئیں اور آج پورا برصغیر اس کا خمیازہ بھگت رہا ہے۔ ہم اپنی طاقت ایک دوسرے پر ہی ضائع کر رہے ہیں اور جو مقام ہمیں دنیا میں حاصل ہونا چاہیے تھا اس سے ابھی بہت دور ہیں۔ مولانا کی شخصیت کی جو اہم بات تھی وہ اُن کی ذہانت، دور اندیشی، علم دوستی، اپنے مذہب پر کاربند رہنے کا جذبہ، اسلامیات پر گہری نظر، اُردو سے حد درجہ لگاؤ اور اُس میں اعلیٰ لیاقت ہے اور یہ سب اُن کی کتابوں اور متفرق تحریروں میں روزِ روشن کی طرح عیاں ہے۔ مولانا ملک کی آزادی سے تو خوش تھے لیکن تقسیم سے بہت دل برداشتہ تھے پھر بھی انہوں نے عوامی زندگی سے کنارہ کشی نہیں اختیار کی اور ملک کے پہلے وزیر تعلیم کی حیثیت سے انہوں نے ذمہ داریاں قبول کیں اور اس میدان میں وہ کارہائے نمایاں انجام دیے جنھیں آج بھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اُردو یونیورسٹی کی خوش قسمتی ہے کہ مولانا ابوالکلام جیسے عظیم رہنما کا نام اس سے منسوب ہے۔ یہ اس یونیورسٹی کے لیے باعث برکت بھی ہے اور مجھے یقین کامل ہے کہ مولانا کی عظیم الشان زندگی کے سایہ تلے یہ یونیورسٹی دن دونی اور رات چوگنی ترقی کرتی جائے گی۔ اور اُردو داں طبقے کے تمام تر تعلیمی مسائل حل کرنے میں ایک مثبت رول ادا کرے گی۔ اس سمت میں نے جو چھوٹا سا قدم اٹھایا اور جو کچھ بھی آپ لوگوں کی رائے اور مشورے سے اب تک کیا یہ صرف منزل کی ابتدا یا پہلی کڑی ہے۔ اس یونیورسٹی کو بہت آگے جانا ہے جس کے لیے آپ سب کا تعاون اشد ضروری ہے۔

خداحافظ !







## یوم ابوالکلام آزاد تقریب میں چانسلر عالیجناب **اندر کمار گجرال** کا خطبۂ صدارت

عزت مآب جناب راشٹرپتی جی، معزز دوستو

میں قصداً انگریزی میں بول رہا ہوں تاکہ ہمارے معزز مہمان سمجھ سکیں کہ ہم لوگ کیا باتیں کر رہے ہیں۔ بلاشبہ یہ یونیورسٹی اُردو کی پابند ہے اور یہ پابندی کی بھی جا رہی ہے۔ جناب عالی! ایک عظیم مقصد کی علمبردار اس نوخیز یونیورسٹی کے لیے آپ کا یعنی صدر جمہوریہ ہند کا استقبال کرنا باعث افتخار ہے۔ آپ اس کے وزیٹر بھی ہیں اور سرچشمہ بھی، لہٰذا میں کہہ سکتا ہوں کہ آپ کا اپنے ہی ادارے میں خیر مقدم کیا جارہا ہے۔ ہم لوگ یہاں بنیادی طور پر ہندستان کے عظیم سپوت مولانا ابوالکلام آزاد کا یوم پیدائش منانے کے لیے جمع ہوئے ہیں جن کے نام سے یہ یونیورسٹی موسوم ہے۔ دراصل آج ایک ممنون قوم جدوجہد آزادی میں اُن کے شاندار کارناموں کو یاد کر رہی ہے۔ گاندھی جی کے زیر قیادت عدم تشدد پر مبنی جدوجہد آزادی کی کئی اہم خصوصیات تھیں جنہیں میں اس وقت دہرانا مناسب نہیں سمجھتا البتہ میں یہ ضرور کہوں گا کہ مختلف دیگر باتوں کے علاوہ جدوجہد آزادی نے رہنماؤں کی ایسی کھیپ تیار کردی جس کا مقصد پہلے جمہوری ہندستان کی بنیاد ڈالنا تھا۔ ان رہنماؤں میں مولانا آزاد کو ایک نمایاں حیثیت حاصل تھی۔ وہ ہندستان کے واحد رہنما تھے جو لگاتار سات برسوں تک 1939 سے 1946 تک انڈین نیشنل کانگرس کے صدر رہے۔ وہ ہندستانی تاریخ کا بڑا نازک دور تھا جب ملک کروٹ لے رہا تھا اور صبح آزادی نظر آنے لگی تھی۔ ایسے وقت میں ہمیں مولانا ہی کی طرح باصلاحیت لیڈر کی ضرورت تھی جو برصغیر کا مستقبل طے کرنے کے لیے انگلینڈ سے آنے والے مختلف مشنوں سے بات چیت کر سکے۔ کانگرس کے صدر ہونے کی حیثیت سے برطانی حکومت کی طرف سے بھیجے جانے والے مختلف مشنوں سے مذاکرات کرنے والی سب سے اہم شخصیت مولانا ہی کی تھی۔

مجھے اس بات پر زور دینے یا اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ قومی اتحاد پر یقین رکھنے والے لیڈر تھے۔ اپنی تاریخی تقریروں میں سے ایک میں اُنہوں نے کہا تھا کہ اگر کبھی قدرت اُن سے آزادیٔ ہند اور ہندو مسلم اتحاد میں سے کسی ایک کو منتخب کرنے کی پیش کش کرے تو وہ ہندو مسلم اتحاد کو ترجیح دیں گے۔ یہی مولانا آزاد کی شخصیت کی سب سے نمایاں بات تھی۔ اُن کا یہ نظریہ محض تقریروں تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ انہوں نے اراضی کی تقسیم کو روکنے کی ہر ممکن کوشش کی۔ تاریخ کے اوراق پر یہ درج ہے اور میری جانب سے اس کی وضاحت کی مزید ضرورت نہیں کہ کیبنٹ مشن پلان کے صحیح معنوں میں خالق وہی تھے جس کے تحت اراضی کی تقسیم نہیں ہوئی تھی مگر ظالم وقت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔

مولانا آزاد انتہائی واضح نظریات رکھنے والے مدبر تھے۔ مذہبیات میں اُن کا اعتقاد کبھی بھی ہندستان کے سائنٹفک مزاج اور اس کی سائنٹفک ترقی کی راہ میں حائل نہیں ہوا۔ جناب عالی! جیساکہ ابھی ہم لوگوں نے اس آڈیٹوریم میں اندر آنے سے پہلے نمائش میں دیکھا کہ مولانا آزاد آئی آئی ٹی کھڑگ پور کا افتتاح کر رہے تھے۔ وہ ملک کے وزیر تعلیم تھے مگر اُن کی نگاہیں ہندستان کے مستقبل پر تھیں۔ تعلیمات کے وزیر کی حیثیت سے اور اپنے معاون اور جیل کے ساتھی جواہر لعل نہرو کے ساتھ مل کر اُنہوں نے ٹکنالوجی اور سائنٹفک معلومات کے ادارے قائم کیے جو صحیح معنوں میں ہماری آج کی ترقی کی بنیاد ثابت ہوئے۔ وہ ادارے جن کا اُنہوں نے تصور کیا تھا اور جنہیں اُنہوں نے قائم کردیا تھا، آج انفارمیشن ٹکنالوجی میں نمایاں مقام بنا چکے ہیں جن پر ملک کا سر فخر سے بلند ہے۔ لہٰذا آج اُن کے یوم پیدائش کے موقع پر ایک ممنون قوم اُن کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے اور اُن کی مدبرانہ بصیرت کے آگے سر جھکاتی ہے۔

جیساکہ ابھی وائس چانسلر نے بیان کیا، مولانا کے تصورات کے عین مطابق یہ یونیورسٹی سائنس و ٹکنالوجی کی تعلیم کو بہت زیادہ ترجیح دے رہی ہے۔ اسی کے ساتھ اس کا بھی احساس ہے کہ اس وسیع و عریض ملک اور اس کی کثیر آبادی کو ڈسٹنس ایجوکیشن نظام کے تحت تعلیم یافتہ بنایا جاسکتا ہے۔ انفارمیشن ٹکنالوجی کی جدید ایجادات کی مدد سے آج واقعی یہ ممکن ہو سکا ہے کہ فاصلے سے تعلیم دی جاسکتی ہے۔ آج یہ بھی ممکن ہو گیا ہے اور اس کی بہت اہمیت بھی ہے کہ ہم خواہ سائنس پڑھا رہے ہوں 'سوشل سائنسز یا کوئی اور سائنس' پڑھنے والوں کی مادری زبان بہت کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ اس نظام میں ہم اُن لوگوں کو شریک کرسکتے ہیں جو اُردو بولتے ہیں۔ آج ہندستان کے سامنے یہ بہت بڑا چیلنج ہے کہ تعلیم میں سبھی طبقوں کو شامل کیا جائے اور سماج کا کوئی بھی طبقہ صرف اس لیے محروم نہ رہ جائے کہ اُن کی زبان وہ ہے جسے بعض دوسرے نہیں بولتے ہیں۔ ہندستانی جمہوریت کی بقا اور استحکام اسی وقت ممکن ہے جب عوام کی مادری زبانوں کو مستحکم کیا جائے۔

ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ اُردو ہماری قومی زبان ہے جو ہماری بیش قیمت وراثت ہے اور جناب عالی میں یہ کہہ کر آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا کہ یہ یونیورسٹی جو مولانا آزاد کے نام سے موسوم ہے 'اُردو کے فروغ کو بہت زیادہ ترجیح دے رہی ہے اور بطور ذریعہ تعلیم ایسے مضامین تک پہنچ رہی ہے جہاں اس سے پہلے اُس کی رسائی نہیں ہوئی تھی اور اس طرح بھی یہ اُردو کی اشاعت کا کام کر رہی ہے۔ آپ نے جلسہ گاہ میں داخل ہونے سے پہلے دیکھا تھا کہ کچھ کتابیں لکھی جاچکی ہیں اور کچھ کتابوں کا ترجمہ کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر میں وائس چانسلر کو شاید یہ کہہ کر شرمندہ کروں کہ ہم لوگ بڑے خوش نصیب ہیں کہ ہمیں ایسا وائس چانسلر ملا جو ایک سائنسی شخصیت ہے اور اسی لیے اُسے یہ بصیرت حاصل ہے۔

عالی جناب! جیساکہ آپ جانتے ہیں مولانا آزاد کثیر الجہات شخصیت کے مالک اور ناقابل تسخیر ہمت کے حامل تھے۔ انہوں نے ہمیشہ تیز گامی دکھائی، قومی ورثے کے تئیں ہمیشہ بیدار رہے، قومی اتحاد کی ہمیشہ وکالت کی اور تعلیم کو ہمیشہ ترقی اور فروغ کا ایک ذریعہ تصور کیا۔ وہ انتہائی مذہبی آدمی تھے مگر فرقہ پرست یا ظلمت پسند نہیں تھے۔ اُنہوں نے اپنی زندگی کے ذریعے ہمیں بتایا کہ سیکولر ہونے کے ساتھ آپ جدید طرز بھی اختیار کرسکتے ہیں اور خود اپنی مثال کے ذریعے اُنہوں نے اسے ثابت کیا تاکہ ہم اسے بآسانی سمجھ سکیں۔ سیکولرزم کی تفہیم کے دوران بھی یہ ممنون قوم اُنہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ ہندستانی تہذیب و تمدن کا مکمل لحاظ رکھتے ہوئے سیکولرزم کا ایک تصور پیش کرنا بھی اُن کی خدمات کا حصہ ہے جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ عالی جناب میں آپ کی اجازت سے یونیورسٹی کی طرف سے اور اگر مجھ میں جرأت ہو تو اس ممنون قوم کی طرف سے مولانا کی یادوں کو خراج عقیدت پیش کروں گا۔ میں توقع کرتا ہوں کہ آنے والے دلوں میں مولانا آزاد کے خیالات و نظریات اور تعلیمات کو عام کرنے میں یہ یونیورسٹی اہم کردار ادا کرے گی اور تاریخ اُن کے ساتھ بہتر انصاف کرے گی۔

جناب عالی! آپ کی تشریف آوری کا ازحد شکریہ۔

(انگریزی سے ترجمہ)

## یوم ابوالکلام آزاد تقریب میں وائس چانسلر **پروفیسر محمد شمیم جیراجپوری** کا خطبہ استقبالیہ

عزت مآب صدر جمہوریہ ہند' وزیٹر مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی و مہمانِ خصوصی

**عالی جناب کے آر نرائنن صاحب**

عزت مآب چانسلر مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی' سابق وزیر اعظم ہند اور صدر جلسہ

**عالی جناب اندر کمار گجرال صاحب**

عالیجناب پروفیسر **اخلاق الرحمن قدوائی** صاحب ممبر پارلیمنٹ اور سابق گورنر بہار و مغربی بنگال

عالی جناب **سید حامد** صاحب چانسلر جامعہ ہمدرد

اور دیگر گرانقدر حاضرین جلسہ !

آج یوم مولانا ابوالکلام آزاد کی اس پُر مسرت تقریب کے انعقاد کے موقع پر میں اپنی اور مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کی جانب سے آپ سب لوگوں کا دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتا ہوں۔ پچھلے چار سالوں سے ہم لوگ یہ دن ہر برس بڑے اہتمام اور وسیع پیمانے پر حیدر آباد میں مناتے آئے ہیں۔ جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی ایک قومی ادارہ ہے۔ اس کے لیے اس عظیم ملک کا ہر ایک مقام یکساں حیثیت کا حامل ہے اور اس کا دائرۂ اختیار پورا ہندستان ہے۔ اسی لیے عالی جناب شری اندر کمار گجرال صاحب سے مشورے کے بعد ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ اس سال اس سالانہ تقریب کا انعقاد دلی میں کیا جائے تاکہ مولانا آزاد سے وابستہ اس دن کو شایانِ شان طریقے سے منایا جائے اور ساتھ ساتھ یونیورسٹی کے پروگراموں سے آپ سب کو روشناس کرایا جاسکے۔ آپ میں سے کچھ حضرات کو یاد ہوگا کہ 25 نومبر 2000ء کو اسی کیمپس میں یونیورسٹی نے ایک سمینار کا اہتمام کیا تھا اور آپ لوگوں کی شرکت سے وہ نہایت کامیاب رہا تھا۔ اُس موقع پر ہمیں آپ سے گرانقدر مشورے بھی ملے۔ اس عظیم الشان کمپلکس میں اپنی میٹنگیں اور جلسے کرنے کا ایک مقصد اور بھی ہے۔ دراصل میں اس بات کا اشارہ دینا چاہتا ہوں کہ اُردو یونیورسٹی کا ہر قدم سائنسی مزاج سے ہم آہنگ رہے گا۔ کیونکہ وقت کی ضرورت بھی بہت واضح طور پر یہی ہے کہ اس تیزی سے آگے بڑھتی ہوئی یونیورسٹی کو عصری تقاضوں کے سانچے میں ڈھالا جائے اور دم توڑتی ہوئی اُردو کو ایک نئی زندگی اور توانائی بخشنے کے لیے اس کا سائنسی مزاج بنایا جائے۔ غالباً یہ کہہ دینا تو آسان معلوم ہو رہا ہوگا لیکن اس کو عملی جامہ پہنانا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔

عثمانیہ یونیورسٹی کے اصل اور ابتدائی کردار جو کہ اُردو میڈیم تعلیم پر مبنی تھا' کے خاتمے کے بعد اُردو داں طبقہ یہ برابر کوشش کرتا رہا کہ ہندستان میں ایک ایسی یونیورسٹی ضرور قائم ہو جس میں اُردو میڈیم میں تعلیم دی جائے۔ اس جدوجہد میں وقت گزرتا گیا مگر یہ کوشش 1992 میں بار آور ہوئی جب حکومت ہند نے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی تاکہ اس بات کا اندازہ کیا جائے کہ کیا یچ ہندستان میں اس طرح کی یونیورسٹی کی ضرورت باقی ہے۔ دو سال کے بعد 1994 میں اس کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں اُردو یونیورسٹی کے قیام کی پُر زور سفارش کی اور اُردو والوں کا یہ خواب 1996 میں شرمندۂ تعبیر ہوا جب پارلیمنٹ نے اُردو یونیورسٹی ایکٹ پاس کیا اور اس کا نام مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی رکھا۔ اس کا صدر مقام حیدر آباد طے پایا۔ چونکہ ہندستان میں اُردو داں طبقے کا کوئی مخصوص علاقہ نہیں ہے بلکہ وہ پورے ملک پر محیط ہیں' اسی لیے اس یونیورسٹی کو روایتی انداز تعلیم کے ساتھ فاصلاتی نظام تعلیم اختیار کرنے کی بھی اجازت ملی۔ یہ طریقہ پورے ہندستان اور بیرون ممالک میں یونیورسٹی کو وسعت دینے کا ایک موثر اقدام تھا۔ اس طرح اُردو یونیورسٹی ' اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کے بعد ملک کی دوسری قومی اور فاصلاتی و روایتی انداز تعلیم کو ایک ساتھ اپنانے والی پہلی اور منفرد یونیورسٹی بن گئی۔ 1998 کے آغاز کے ساتھ ہی جب حضور والا عزت مآب صدر جمہوریہ ہند جناب کے۔ آر۔ نرائنن صاحب نے مجھے اس کام کی ذمہ داری سونپی تو اس یونیورسٹی کی کارکردگی کی شروعات ہوئی۔ میرے لیے ایک بالکل اجنبی مقام پر نئی یونیورسٹی بنانے کا چیلنج بہت کٹھن تھا اور وہ بھی ایسی صورت میں کہ یونیورسٹی کا موقف بھی بہت سہل اور عام قسم کا نہیں ہے۔ لیکن حیدر آباد بلکہ ہندستان کے مختلف لوگوں نے میری ہر طرح سے مدد کی اور مشکل سے مشکل راہیں خود بخود آسان ہوتی گئیں۔ ابتدا ہی سے میرے دماغ میں یونیورسٹی کا جو تصور تھا اس میں چار باتیں بہت اہم تھیں کیونکہ یونیورسٹی کا آغاز عملاً صفر سے ہوا تھا۔ پہلی بات یہ کہ یونیورسٹی میں جلد از جلد **تعلیمی سلسلہ** شروع ہو تاکہ لوگ اسے ایک متحرک اور فعال ادارہ تصور کریں۔ دوسری بات یہ کہ آگے بڑھنے کے لیے اس کی اپنی ایک **طے شدہ سمت** ہو جس پر اسے منصوبہ بند طریقے سے آگے بڑھایا جاسکے۔ تیسری بات یہ کہ جلد از جلد اس کا اپنا **عملہ** فراہم ہو اور حتی الامکان جن لوگوں کا بھی اس میں تقرر کیا جائے وہ اعلیٰ پائے کے ہوں۔ چوتھی اور آخری بات جو میرے ذہن میں تھی وہ اس کا اپنا **کیمپس** تھا۔ اور یہ تمام باتیں میں اپنی پانچ سالہ مدت میں ہی پوری کرلینا چاہتا تھا۔ یہ بات بھی ذہن میں تھی کہ ان چاروں کو یکے بعد دیگرے نہیں بلکہ ایک ساتھ کچھ اس انداز سے لے کر چلنا ہے کہ جب جس چیز کی ضرورت ہو وہ کام



پورا ہو جائے اور کوئی چیز بھی ایسی نہ ہو کہ عضوِ معطل معلوم ہو۔ ان سب چیزوں کو ایک ساتھ کرنا میری زندگی کا ایک بڑا چیلنج تھا اور سب سے اہم بات تو یہ تھی کہ بغیر تدریسی اور دوسرے عملے کی سرکاری منظوری کے کس طرح لوگوں کو یونیورسٹی میں لایا جائے اور یونیورسٹی کی کارکردگی کا آغاز کردیا جائے۔ یونیورسٹی کا ایکٹ ہی وہ واحد چیز تھی جو رہنمائی کے لیے میرے ہاتھوں میں تھی۔ اس میں بھی یونیورسٹی کی سمت اور خدوخال کا کوئی واضح اشارہ نہیں تھا۔ یہ میرے لیے تھوڑی بہت پریشانی لیکن زیادہ تر آسانی کا باعث بنا کیونکہ میں ابتدا میں ملک کے مختلف گوشوں میں جاکر اُردو سے دلچسپی رکھنے والوں سے ملا اور کئی جگہوں پر سمینار بھی منعقد کیے تاکہ لوگوں کے خیالات اور اُردو ذریعہ تعلیم کو اپنانے والوں کی ضروریات کو ذہن نشین کیا جاسکے۔ اس سے جو باتیں بہت واضح طریقے سے سامنے آئیں وہ یہ تھیں کہ یونیورسٹی صرف شعر و شاعری' مشاعروں' قوالیوں اور ادیبوں و نقادوں میں الجھ کر نہ رہ جائے بلکہ اسے اکیسویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے اور اُن کورسز پر زیادہ توجہ دی جائے جن سے اُردو زبان کا رشتہ روزگار سے استوار ہو سکے۔ اس کے لیے یونیورسٹی ایکٹ میں بالکل صاف گنجائش پہلے ہی سے موجود ہے اس لیے اس کام میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوئی۔ ایک اور اہم ضرورت کی طرف بار بار اشارہ کیا گیا۔ وہ تھی **تعلیم نسواں**۔ ہندستان کے دیگر طبقوں کے مقابلے میں اُردو والوں میں اس کی کافی کمی ہے۔ مجھ سے یہ بھی کہا گیا کہ میں روزگار سے مربوط چھوٹے چھوٹے کورسز بھی شروع کروں جن سے کم لیاقت والے نوجوان فائدہ اٹھا سکیں۔ ایسے سمینار ہم نے ملک کے کئی گوشوں میں کیے جیسے حیدر آباد' پٹنہ' بنگلور' ممبئی' دہلی' میرٹھ' لکھنؤ وغیرہ۔ اس کے علاوہ ملک کے دوسرے مقامات اور ریاستوں میں مختلف جلسے بھی کیے جن میں آندھرا پردیش' کرناٹک' مہاراشٹر' تمل ناڈو' راجستھان' مدھیہ پردیش' اترپردیش' بہار' دلی اور مغربی بنگال وغیرہ شامل ہیں۔ اس طرح یونیورسٹی کے پاس اس وقت پورے ملک کے اُردو والوں کے تعلیمی مسائل کا مکمل پس منظر موجود ہے اور اُنھیں یہ ادارہ کس طرح حل کر سکتا ہے اس کا بھی اندازہ ہے۔

سقوط جامعہ عثمانیہ کے بعد 50 سال کے عرصے میں اُردو ذریعہ تعلیم کا دائرہ تنگ سے تنگ تر ہوتا گیا ہے اور یہی موجودہ یونیورسٹی کے لیے ایک بڑی پریشانی کا باعث بھی بن رہا ہے کیونکہ ہمارے لیے کورسز کی فراہمی میں سب سے بڑی رکاوٹ مستند' قابل قبول اور سلیس زبان میں ترجمے کی ہے۔ پچھلے ساڑھے تین سال کے تجربے کی بنیاد پر یہ بات واضح طور پر کہنا چاہوں گا کہ یہ نہ صرف ایک دشوار طلب کام ہے بلکہ یونیورسٹی کی ترقی میں ایک بڑی رکاوٹ بھی ہے کیونکہ ہمارے درمیان ایسے لوگ بہت کم ہیں جو اُردو زبان سے نہ صرف اچھی طرح واقف ہوں بلکہ مہارت بھی رکھتے ہوں تاکہ سائنس و ٹکنالوجی کے کورسز کو قابل قبول زبان میں ترجمہ کرلیں۔ گزرتے ہوئے وقت کے ساتھ اصطلاحات اور املا کے مسائل بھی اپنی جگہ پر اہمیت کے حامل ہوگئے ہیں اس لیے ہم نے سمینار منعقد کرکے اس سلسلے میں جو بہت واضح فیصلے کیے ہیں اُن میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ اصطلاحات کو جہاں تک ممکن ہو سکے عام فہم ہی رکھنا ہوگا یا انگریزی میں پہلے سے جانی پہچانی ٹرمنولاجی کو ہی اپنا لینا ہوگا۔ ان سب کے باوجود اور پورے ہندستان میں بہت تلاش کے بعد بھی ہمیں خاطر خواہ مترجمین حاصل نہیں ہو رہے ہیں جس سے یونیورسٹی کو بہت دشواریوں کا سامنا ہے۔

ہماری یونیورسٹی کی ایک منفرد پہچان یہ ہے کہ اسے فاصلاتی اور روایتی دونوں ہی نظام کے تحت تعلیم دینے کا پورا اختیار حاصل ہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہم نے فاصلاتی نظام تعلیم کو 1998 میں ہی شروع کردیا تھا اور گریجویشن کورسوں کے ساتھ ہم نے کئی سرٹیفکیٹ کورسز بھی شروع کر رکھے ہیں جو نہایت کامیابی سے چل رہے ہیں۔ ساتھ ساتھ ہم نے یہ بھی ارادہ کیا ہے کہ رفتہ رفتہ ووکیشنل کورسز شروع کریں گے اور اس سمت پہل بھی کی جاچکی ہے۔ روایتی تعلیم کے سلسلے میں یہی بہتر سمجھا گیا کہ کیمپس کی تعمیر تک انتظار کیا جائے اور مجھے آج یہ انکشاف کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ یونیورسٹی نے دو سالہ ڈپلومہ ان ایجوکیشن پروگرام کے اعلان کے ساتھ ہی کیمپس تعلیم کی طرف پیش قدمی کردی ہے۔ یہ ایک خالص روزگار رُخی کورس ہے جس سے اُردو یونیورسٹی کیمپس ٹیچنگ کا آغاز کر رہی ہے۔ اس موقع پر یہ ذکر کرنا بھی مناسب سمجھتا ہوں کہ ہمارا کیمپس اور اس کی عالیشان عمارت جس کے قلب میں کافی وسعت بھی موجود ہے' بن کر تقریباً مکمل ہو چکی ہے۔ مجھے قوی اُمید ہے کہ ایک یا زیادہ سے زیادہ دو ماہ کے اندر یونیورسٹی وہاں منتقل ہو جائے گی۔ اتنی جلد کرایے کے مکانوں سے نکل کر خود اپنے کیمپس میں پہنچ جانا اپنے آپ میں ایک مثال کی سی حیثیت رکھتا ہے۔ عثمانیہ یونیورسٹی اپنے کیمپس میں 21 برسوں میں پہنچ پائی تھی حالانکہ اس کے تمام فیصلے حیدر آباد میں ہوتے تھے۔ حیدر آباد سنٹرل یونیورسٹی کو بھی لمبا عرصہ لگا تھا۔

جہاں تک روایتی انداز تعلیم یعنی کیمپس ایجوکیشن کا سوال ہے اس میں ہم نے ابتدائی دور میں صرف عصری علوم کو ترجیح دی ہے۔ حکومت ہند اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے تعاون سے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کی پوسٹیں حاصل ہو چکی ہیں جنھیں مشتہر بھی کیا جاچکا ہے۔ ان پر تقرری کا عمل جاری ہے اور یہ کام بہت جلد تکمیل کو پہنچے گا۔ کیمپس میں منتقلی کے ساتھ ساتھ ہم پر روایتی انداز کی تعلیم شروع کرنے سے پہلے یہ لازم ہوگا کہ اب یہ تدریسی عملہ جن میں 7 پروفیسرس' 3 ڈائرکٹرس' 19 لکچررس' 3 ریجنل ڈائرکٹرس اور 10 اسسٹنٹ ڈائرکٹرس وغیرہ شامل ہیں جلد از جلد اپنی جگہیں سنبھالیں۔ مختلف کورسز کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں لیں اور کورسز کی شروعات کریں۔ جن مضامین کی ہم ابتدائی دور میں شروعات کر رہے ہیں ان میں اُردو' ہندی اور انگریزی کے ساتھ ماس کمیونیکیشن' ایجوکیشن' بزنس مینجمنٹ اور کمپیوٹر اینڈ انفارمیٹکس شامل ہیں۔ ان سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہم نے روزگار سے مربوط مضامین کے انتخاب پر ہی توجہ دی ہے تاکہ ہمارے فارغ التحصیل طلبہ زندگی کی دوڑ میں پیچھے نہ رہ جائیں اور آج کے ہندستان میں اہم رول ادا کر سکیں۔ ابتدا میں بعض لوگوں کے دل میں یہ خیال تھا اور ممکن ہے کہ آج بھی ہو کہ یہ یونیورسٹی اُردو زبان و ادب اور شعر و شاعری کے لیے ہی قائم ہوئی ہے لیکن ایسے لوگ غلط فہمی کے شکار ہیں۔ وہ یونیورسٹی



Scanned with CamScanner

نظری کے مخالف اور رواداری کے حد درجہ قائل تھے۔

سابق سکریٹری حکومت ہند جناب **موسیٰ رضا** نے اپنی تقریر میں مولانا کے مذہبی نظریات کا احاطہ کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ حالانکہ وہ ہندستانی کلچر اور تاریخ کے طالب علم رہے ہیں اور انہوں نے اقبال٬ سر سید اور غالب کے بارے میں بہت کچھ پڑھا ہے مگر اتفاق سے مولانا آزاد سے متعلق اُن کی معلومات محدود رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جواہر لال نہرو اور گاندھی جی نے جب اپنی خدمات کا آغاز کیا اس سے پہلے ہی سے مولانا آزاد ہندستانی کلچر اور سیاست میں یوگ دان کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنے والد سے پرانی قدروں کی پاسداری اور احترام کرنا سیکھا مگر بعد میں اُنہیں کے نظریات تقلید اور پیری مریدی سے اختلاف کیا۔ اُنہیں دنوں وہ سر سید کے مقلد بن گئے۔ سر سید نے اُنہیں انگریزی٬ سائنس٬ فلسفہ اور اُردو عربی فارسی کے علاوہ دیگر ادبیات کے مطالعے پر توجہ دلائی۔ وہ شاہ ولی اللہ سے بھی متاثر ہوئے۔ اُنہوں نے اور بھی کئی مذاہب کا گہرائی سے مطالعہ کیا۔ مذاہب اور علوم کا مطالعہ ہی اُن کی سب سے بڑی دولت تھی۔

درگاہ نظام الدین کے سجادہ نشیں **خواجہ حسن ثانی نظامی** نے اپنی تقریر کی ابتدا اِس فخریہ اعلان سے کیا کہ اُنہیں مولانا آزاد کی رفاقت میں بیس سال گزارنے کا شرف حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا کے ذہن کی رسائی٬ دور اندیشی اور دوربینی کشف کے درجے تک پہنچی ہوئی تھی۔ جو لوگ اُن کے پائے کے تھے وہ اُن کے ساتھ چلے اور جو نہیں تھے وہ نہیں چل سکے۔ مولانا کی دور اندیشی اور کشف کی ایک مثال دیتے ہوئے اُنہوں نے اپنے والد خواجہ حسن نظامی کے نام اُن کے ۱۹۰۶ء کے ایک خط کا ذکر کیا جب پاکستان کا کوئی مطالبہ تھا نہ ذکر۔ مگر اس خط میں مولانا آزاد نے لکھا تھا کہ زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے مسلمانوں کو فائدہ نہیں پہنچا سکیں گے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ مولانا اپنے جذبات سے مغلوب ہو کر عملی سیاست میں آگئے۔ اگر وہ عملی سیاست میں نہ آتے تو شاید اُن کی قدر زیادہ ہوتی۔ اُن کے عرفان اور شناخت میں جو کمی رہی اُس کا سبب اُن کا عملی سیاست میں آنا ہے۔

پروفیسر **اخلاق الرحمٰن قدوائی** نے اپنی صدارتی تقریر میں مولانا کی کانگریس پارٹی سے وابستگی کا مفصل ذکر کیا اور بتایا کہ مولانا اس جماعت کے ایک انتہائی اہم لیڈر تھے جسے خود کانگریس پارٹی بھی تسلیم کرتی تھی۔ اس کا ایک ثبوت اُس وقت سامنے آیا جب ۱۹۲۳ء میں کانگریس نے مولانا کو اپنا سب سے کم عمر قومی صدر منتخب کیا۔ اس کی وجہ خلافت تحریک اور عدم تعاون تحریک میں اُن کا رول اور الہلال اور البلاغ کے اڈیٹر کی حیثیت سے اُن کی شناخت تھی۔ مولانا کی سوجھ بوجھ اور اُن کی فکر کی گہرائی اُن کی شخصیت کو بلند کرتی ہے۔ وہ چونکہ ہر موقع پر بیان نہیں دیتے تھے۔ تنازعات میں نہیں پڑتے تھے اس لیے ہم اُنہیں صحیح طور پر سمجھ نہیں سکے۔ اگر آج بھی ہم اُنہیں صحیح طریقے سے سمجھنے کی کوشش کریں تو آج بھی اُن کی معنویت قائم ہے۔

## چوتھا اجلاس

چوتھے اور آخری اجلاس کا انعقاد جامعہ ہمدرد کے چانسلر جناب سید حامد کی صدارت میں عمل میں آیا۔ سب سے پہلے پروفیسر **اختر الواسع** نے "مولانا آزاد : فہم و ادراک کے انفرادی پہلو" کے عنوان پر اپنا مقالہ پیش کرتے ہوئے اُن کی شخصیت کی باریکیوں پر روشنی ڈالی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ بالکل درست کہا گیا ہے کہ اُن کے بارے میں بات کرنا بیک وقت کئی لوگوں کے بارے میں بات کرنے کے مترادف ہے جن کی ذہنی اور دانشورانہ توانائیاں اتنی شدید اور وسعت آشنا ہوتی ہیں کہ وہ کسی ایک شناخت٬ راہ اور سمت میں محدود نہیں رہ سکتیں۔ ایسی شخصیتیں دراصل شخصیتوں کا ایک مجموعہ ہوتی ہیں اور وہ ہر لمحے خود اپنے آپ کو اور اپنے اطراف کی دنیا کو تراشیدم٬ پرستیدم اور شکستم کی رو میں بناتی توڑتی اور پھر بناتی رہتی ہیں۔ مولانا آزاد بیک وقت ایک بے بدل عالم دین٬ دیدہ ور اور نکتہ رس مفسر قرآن٬ انسان شناس مفکر٬ سیاسی و سماجی ادراک کے حامل٬ نہایت جری اور بے باک صحافی٬ عربی و فارسی شعر و ادب کے پارکھ٬ اُردو کے منفرد انشاء پرداز٬ سحر طراز خطیب٬ سیاستداں٬ مدبر٬ منتظم٬ ادارہ ساز اور سب سے بڑھ کر نفیس ترین انسانی و اخلاقی اقدار کی حامل ایک ایسی تہذیبی شخصیت تھے جسے قدرت کی طرف سے اشیاء اور افکار و حالات کی ماہیت کی گہرائیوں تک نہایت برق رفتاری سے پہنچ سکنے والی نورانی ذہانت اور بصیرت بخشی گئی تھی۔

انجمن ترقی اُردو (ہند) کے جنرل سکریٹری **ڈاکٹر خلیق انجم** نے اُردو یونیورسٹی اور بطور خاص وائس چانسلر کی کارکردگی کی ستائش کے ساتھ اپنی تقریر شروع کی اور اس یونیورسٹی کے قیام کا پس منظر بیان کیا۔ اس سلسلے میں اُنہوں نے مولوی عبدالحق٬ خواجہ احمد فاروقی اور عزیز قریشی کی خدمات کو یاد کیا۔ اُنہوں نے مولانا آزاد کے حوالے سے کہا کہ مسلم لیگ اور کانگریس کے سیاسی جھگڑے کی قیمت بے شمار لوگوں کو چکانی پڑ رہی ہے۔ اس میں مولانا آزاد ہی نہیں بلکہ حکیم اجمل خاں اور آصف علی وغیرہ بھی شامل ہیں۔ اُنہوں نے مولانا کو فراموش کیے جانے کا بہت شدت کے ساتھ گلہ کرتے ہوئے کہا کہ اُنہیں خود کانگریس پارٹی نے بھلا دیا ہے جس کے وہ نہ صرف صدر رہے بلکہ انتہائی کلیدی کردار ادا کرنے والے رہنما کی حیثیت سے سرگرم رہے۔ اُن کا نظریہ یہ تھا کہ اگر دیش کو آگے بڑھانا ہے تو ذاتی اختلافات کو نظر انداز کر دینا ہوگا۔ ڈاکٹر خلیق انجم نے اُردو یونیورسٹی میں مولانا آزاد کے نام کا ایک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کیے جانے کی طرف توجہ دلائی اور کہا کہ یہ انسٹی ٹیوٹ ایک الگ شعبے کی حیثیت سے بھی قائم کیا جا سکتا ہے اور اسے شعبہ تاریخ٬ شعبہ سیاسیات اور شعبہ اُردو سے بھی جوڑا جا سکتا ہے۔

اِس اجلاس کی آخری تقریر پاکستان میں ہندستان کے سابق کلچرل ڈائرکٹر پروفیسر **قمر رئیس** نے کی۔ اُنہوں نے کہا کہ مولانا نے ۱۹۰۳ء میں لسان الصدق میں لکھا تھا کہ



سائنس و ٹکنالوجی کی تعلیم اُردو میڈیم میں بھی ہونی چاہئے۔ اُردو یونیورسٹی کے قیام کے ساتھ اُن کا یہ خواب شرمندہ تعبیر ہو گیا ہے۔ اُنہوں نے اُردو یونیورسٹی کے حوالے سے کہا کہ ایسا ادارہ اور ایسی سربراہی اس دور میں کہیں نظر نہیں آتی ہے۔ مولانا آزاد کی روشن خیالی اور دانشوری کے کئی پہلو بالکل پیغمبرانہ تھے اور اُن کی فکر کے اساسی نکتوں کو آج بھی ایک معنویت حاصل ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ تاشقند میں حال ہی میں قائم ایک اسلامی یونیورسٹی کے نصاب میں مولانا کی تفسیر ازبک زبان میں ترجمہ کر کے شامل کی گئی ہے۔ پروفیسر قمر رئیس نے تجویز رکھی کہ اُردو یونیورسٹی دُنیائے اسلام سے وابستہ دوسرے ملکوں کے ایسے طلبہ کو جو ہندستان کی اُردو زبان کا مطالعہ کر رہے ہیں اسکالر شپ دے کر بلا سکتی ہے اور یہاں مولانا کی کتابوں کے ذریعے اسلامیات کا ایک ایسا روپ تلاش کیا جا سکتا ہے جو بہت عقلی ہو اور آج کی زندگی کے پیچیدہ تقاضوں سے ہم آہنگ ہو۔ دراصل مولانا نے ابتدا ہی سے اسلام کا جو رنگ روپ پیش کیا وہ انتہائی ترقی یافتہ اور روشن خیالی کے اصولوں پر مبنی تھا۔

جامعہ ہمدرد کے چانسلر **جناب سید حامد** کا صدارتی خطاب دراصل چاروں اجلاس کا ایک نچوڑ تھا جس کا آغاز اُنہوں نے پروفیسر جیراجپوری کی خدمت میں ہدیہ تحریک پیش کرتے ہوئے کیا اور کہا کہ اُردو یونیورسٹی کا تصور جس وقت فضا میں گشت کر رہا تھا اس وقت مجھے دو تین معروضات ملک کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملا تھا۔ اول تو یہ کہ چونکہ یہ یونیورسٹی مختلف علوم کو اُردو میں پڑھانے کے لیے قائم کی جا رہی ہے اس لیے اس کا پہلا وائس چانسلر بہر حال ایک سائنس داں ہونا چاہئے۔ پھر یہ کہ پہلے وائس چانسلر کی حیثیت بعد میں آنے والے وائس چانسلروں سے مختلف ہوتی ہے اس لیے اگر ملک نے پہلے وائس چانسلر کا انتخاب صحیح کیا تو ہمیں یونیورسٹی کے مستقبل سے متعلق اطمینان ہو جائے گا۔ یونیورسٹی کا قد و قامت ویسا ہی ہوگا جیسا اُس کے پہلے وائس چانسلر کا قد و قامت ہوگا۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم نے جیسی توقعات باندھی تھیں ویسا ہی پایا ہے۔ اُنہوں نے اگزیکیٹو کونسل کی میٹنگ میں کئی بار حیدر آباد آنے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ممبران وہاں سے ہر بار مطمئن و مسرور لوٹے ہیں۔ اس مختصر مدت میں پروفیسر جیراجپوری نے یونیورسٹی کی ہمہ جہت تاسیس٬ تعمیر اور ترقی کے لیے جو کام کیے ہیں وہ یقیناً تعریف کے قابل ہیں۔ جناب سید حامد نے یونیورسٹی کے بارے میں مزید کہا کہ یہ یونیورسٹی ابھی کئی مراحل سے گزرے گی مگر اس کی پہلی آزمائش تب ہوگی جب اس کے فارغین عملی میدان میں آئیں گے۔ دیکھنا یہ ہے کہ روزگار کے بازار میں اُن کی پذیرائی کیسے کی جاتی ہے۔ جس کمیٹی نے یونیورسٹی کی سفارشات پیش کی تھیں اس کمیٹی نے اسی پہلو کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ بھی کہا تھا کہ طلبہ کو تعلیم گرچہ اُردو میں دی جائے گی مگر اُنہیں ہندی اور انگریزی کی بھی معلومات فراہم کی جائے گی۔ اُس کے بعد روزگار کے میدان میں اُردو یونیورسٹی کے فارغین کو کسی دوسری یونیورسٹی کے فارغین سے فروتر قرار نہیں دیا جا سکے گا۔ جناب سید حامد نے یہ بھی کہا کہ یونیورسٹی کے قیام کے لیے اُردو کی دُنیا اندر جن سنگھ اور عزیز قریشی صاحبان کی مرہون منت ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی تیسرا شخص اس کی دعویداری کرتا ہے تو وہ غلط ہے۔

مولانا کے تعلق سے جناب سید حامد نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ مولانا مجمع البحرین تھے۔ وہ مشرق کے ادب سے براہ راست واقف تھے اور انہوں نے مغرب کے ادب کا مطالعہ اپنی حیرت انگیز کاوش سے کیا۔ اُن کی وسعت نظر اور ارتکاز فکر ایسی تھی کہ پنڈت نہرو اُن کا شمار نشاۃ ثانیہ کے بڑے بڑے عالموں میں کرتے تھے اس لیے کہ نشاۃ ثانیہ کے عالموں کا جو شعار اور شیوہ تھا وہی مولانا آزاد میں نظر آتا تھا۔ مولانا آزاد کا جو ذہنی ارتقا ہوا ہے وہ بھی حیرت انگیز ہے۔ اُن کی قوت ارادی اور ذہنی پرواز کی ایک علامت اور ثبوت یہ بھی ہے۔ وہ بے تاب اور بے خواب روح لائے تھے جس نے اُن کو علم کے سارے میدان چھاننے پر مجبور کیا۔

سب سے آخر میں یونیورسٹی کے دہلی ریجنل سنٹر کے ڈائرکٹر ڈاکٹر **شمس الاسلام فاروقی** نے شکریے کی تحریک پیش کی اور اسی کے ساتھ جلسہ اختتام پذیر ہوا جسے بلاشبہ دہلی کے اعلیٰ اور باذوق حلقہ علم و ادب میں مدتوں یاد رکھا جائے گا۔







Scanned with CamScanner

خدمات سے متعلق کافی معلومات اُردو، ہندی اور انگریزی میں فراہم کی گئی تھیں اور اسے قریب پانچ درجن نادر تصاویر سے مزین کیا گیا تھا۔ ان تصاویر پر بھی تینوں زبان میں کیپشن درج کیے گئے تھے۔ اسی نمائش سے متصل یونیورسٹی کے تمام کورسز کی کتابوں کی نمائش بھی لگائی گئی تھی۔ نمائش کے لیے اس جگہ کے انتخاب کا منطق یہ تھا کہ سبھی آنے والے پہلے نمائش دیکھ لیں اور پھر آڈیٹوریم کے اندر داخل ہوں۔ اور واقعتاً ایسا ہی ہو تا رہا۔ اس ایک روزہ جلسے میں صدر جمہوریہ کے ہاتھوں یونیورسٹی کے بروشر کی رسم اجرا انجام دی گئی جو اُردو اور انگریزی میں شائع کی گئی ہے۔

## پہلا اجلاس

وائس چانسلر کے چند تمہیدی جملوں کے ساتھ جسٹس اے ایم احمدی کی صدارت میں پہلے اجلاس کی کارروائی وقت مقررہ پر شروع ہوگئی۔ سب سے پہلے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر جناب **شاھد مھدی** کو اظہار خیال کی دعوت دی گئی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں افسوس کا اظہار کیا کہ گزرتے ہوئے وقت کے ساتھ مولانا آزاد کی یادوں کا سلسلہ مدھم پڑتا جارہا ہے۔ یہ ضرور ہے کہ ان کے سوویں یوم پیدائش کے موقع پر حکومت کی جانب سے کئی پروگرام منعقد کیے گئے اور کچھ پہل بھی کیے گئے تھے مگر ان کا سلسلہ جاری نہ رہ سکا حالانکہ بیسویں صدی کے ابتدائی پچاس برسوں میں پورے ملک پر چھائی رہنے والی اس عظیم شخصیت کے یادوں کے چراغ مزید روشن کرنے کی ضرورت ہے۔ مولانا آزاد کے تعلق سے پہلی رکاوٹ یہ ہے کہ ان کی کم و بیش تمام تحریریں اُردو میں ہیں اور اُن میں سے بیشتر کا ترجمہ ہندی یا انگریزی میں نہیں کیا گیا۔ لہٰذا غیر اُردو داں لوگ ان کے خیالات اور دانشورانہ فکر سے پوری طرح واقف ہی نہیں ہیں۔ جبکہ مولانا کا مخاطب سماج کا کوئی مخصوص طبقہ نہیں تھا بلکہ اُنہوں نے عموماً عوام کو مخاطب کر کے اپنی باتیں کہی یا لکھی ہیں۔ جناب شاہد مہدی نے کہا کہ مولانا کے نام پر ادارے تو بہت قائم ہیں مگر ان کی خدمات پر تحقیق کے لیے کوئی ادارہ وقف نہیں ہے جس کی بہت ضرورت ہے۔ مولانا نے ملک کو اپنی گیارہ سالہ دور وزارت میں تعلیم اور سائنسی ترقی کا بڑا بامعنی ذور رس اور متوازن منظر نامہ فراہم کیا۔

جامعہ ہمدرد کے وائس چانسلر جناب **سراج حسین** نے سروجنی نائیڈو کے اس قول کو دہرایا کہ مولانا تو اپنی پیدائش کے وقت ہی پچاس سال کے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا اس بات پر زور دیتے تھے کہ حب الوطنی مسلمانوں کے لیے دینی فریضے کی حیثیت رکھتی ہے۔ اُن کے یہاں تعلیم کا ایک رومانی تصور تھا۔ اُنہوں نے سکنڈری سطح پر مفت تعلیم کی تجویز پیش کی تھی جس پر اب قریب پچاس برسوں بعد عمل ہوا ہے۔ اُنہوں نے تعلیم کے لیے بجٹ کے ایک فیصد کو بڑھا کر دس فیصد کردینے کی بھی تجویز رکھی تھی۔ مگر آج دن بدن تعلیم اور خاص طور پر اعلیٰ تعلیم سے بجٹ کی کٹوتی کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ جناب سراج حسین نے موجودہ تعلیمی نظام پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ سب سے بڑی مثال یہ ہے کہ آج کم آمدنی والے لوگ بھی اپنے بچوں کو سرکاری اسکولوں کے بجائے پرائیویٹ اسکولوں میں داخل کرانے کے خواہشمند رہتے ہیں۔

جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں سی آئی ایل کے سابق چیئرمین **پروفیسر نامور سنگھ** نے مولانا آزاد کی کتابوں کے حوالے سے اُن کی خوبصورت نثر نگاری اور ملک و قوم سے اُن کی محبت پر روشنی ڈالی۔ اُنہوں نے مولانا کے اس قول کو دہرایا کہ ہندی کو جو جگہ ملنی تھی وہ مل چکی۔ ہم نے اُس پر آئین کی مہر بھی لگادی۔ اب اُردو کا جو واجب مقام ہے وہ اُسے ملنا چاہئے۔ کسی زبان کو ماننے کا مطلب یہ ہے کہ اُسے سرکار بھی مانے اور اور لوگ بھی مانیں۔ پروفیسر نامور سنگھ نے اکتوبر ۱۹۴۷ء میں دہلی کی جامع مسجد سے دیے گئے مولانا کے یادگار خطبے کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ آج یہ ثابت ہو چکا ہے کہ تقسیم ہند کا فیصلہ غلط تھا مگر اُس وقت یہ بات کہنے والے صرف دو تھے ایک گاندھی جی اور ایک مولانا آزاد۔ پروفیسر سنگھ نے مزید کہا کہ قومی جنگ میں بے شمار مذہبی لوگوں نے حصہ لیا۔ ایسے لوگ جو روزہ نماز کے پابند تھے۔ جن کے ہاتھوں میں گیتا ہوتی تھی اور وہ لوگ جو گرو گرنتھ کے ماننے والے ہوتے تھے۔ کیا ہم اُن کے مذہبی ہونے کی وجہ سے اُن کے سیکولرزم پر شک کر سکتے ہیں۔ دراصل ہماری لڑائی لڑنے والوں میں لاتعداد صوفی سنت فقیر اور بھگت شامل تھے۔ مولانا نے زندگی بھر قرآن کی قوت پر سماج کو جگانے کا کام کیا۔

سابق ممبر پارلیمنٹ جناب **سید شہاب الدین** نے اپنی تقریر میں کہا کہ مولانا آزاد بلاشبہ آزادیٔ ہندستان کے لیے کوشاں تھے مگر اس سے بھی زیادہ اُنہیں ہندو مسلم اتحاد کی فکر رہتی تھی۔ سماجی برابری اور معاشی ترقی اُن کے خاص موضوعات تھے۔ مولانا نے انڈیا ونس فریڈم میں ملک کی تقسیم کے خطرے' ہندستان میں اکثریت کے غلبے اور پاکستان میں نسلوں اور قبیلوں کی بنیاد پر رسہ کشی کی طرف اشارہ کیا تھا۔ اُنہوں نے ملک کو تقسیم سے بچانے اور اسے پوری طرح متحد رکھنے پر ہمیشہ زور دیا۔ اُنہوں نے گاندھی جی کو لکھے گئے ایک خط میں تجویز رکھی تھی کہ سنٹرل لیجسلیچر اور سنٹرل ایکزیکیٹو میں ہندو اور مسلم کی اس وقت تک مساوی رکنیت ہونی چاہئے جب تک کہ فرقہ پرستی کے شبہات دور نہ ہو جائیں۔

سابق چیف جسٹس آف انڈیا **جسٹس اے ایم احمدی** نے اپنے مختصر صدارتی خطبے میں اظہار افسوس کیا کہ مولانا آزاد کی کافی تحریریں انگریزی اور ہندی میں ترجمہ نہیں کی جاسکی ہیں۔ مولانا نے زیادہ تر اُردو یا عربی میں لکھا اور ایسے لوگوں کے لیے جو اُردو نہیں جانتے ہیں اسے سمجھنا مشکل ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں سیکولرزم کے عجیب و غریب تصورات ہیں۔ مثلاً ایک صحافی نے ڈاکٹر ذاکر حسین کے صدر جمہوریہ بننے کے بعد اُن سے سوال کیا تھا کہ یہ کیسا سیکولرزم ہے کہ ایک مسلمان ملک کا صدر جمہوریہ بن گیا۔ اس سوال کے جواب میں ڈاکٹر ذاکر حسین نے کہا تھا کہ مجھے خوشی ہوتی اگر آپ نے میرے مذہب کا ذکر نہیں کیا ہوتا اور مجھے ملک کا ایک شہری ہی سمجھا ہوتا۔ جسٹس احمدی نے کہا کہ ملک کے سچے شہری



کو وفاداری اور حب الوطنی کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ اس ملک میں رہنا اپنے آپ میں اس ملک سے محبت اور سیکولرزم کا کھلا ثبوت۔

## دوسرا اجلاس

طے شدہ پروگرام کے عین مطابق ٹھیک بارہ بجے دن میں صدر جمہوریہ جناب کے آر نرائنن تشریف لائے۔ اس سے پہلے گجرال صاحب وہاں آچکے تھے۔ اندر کمار گجرال اور پروفیسر جیراجپوری یعنی یونیورسٹی کے چانسلر اور وائس چانسلر نے صدر جمہوریہ یعنی اپنے وزیٹر کا استقبال کیا۔ اُنہیں مولانا آزاد سے متعلق نمائش دکھائی اور پھر جلسہ گاہ میں لے آئے۔ مہمانِ ذی وقار کے پہنچتے ہی قومی ترانے کی آواز سے پورا ہال گونج اُٹھا جس کے بعد یونیورسٹی کا ترانہ "نیشنل اُردو یونیورسٹی جس کا نام نامی ہے۔ جس میں شامل مولانا آزاد کا اسم گرامی ہے" پیش کیا گیا۔ اس اجلاس میں سب سے پہلے وائس چانسلر **پروفیسر محمد شمیم جیراجپوری** نے استقبالیہ خطبہ پیش کیا جس میں اُنہوں نے یونیورسٹی کے چار سالہ دور کی تفصیلات بیان کیں اور ہر ایک محاذ پر کی جانے والی کوششوں کی وضاحت کی۔ اُنہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اُردو یونیورسٹی کا ہر قدم سائنسی مزاج سے ہم آہنگ رہے گا۔ کیونکہ وقت کی ضرورت بھی یہی ہے کہ اس تیزی سے آگے بڑھتی ہوئی یونیورسٹی کو عصری تقاضوں کے سانچے میں ڈھالا جائے اور دم توڑتی ہوئی اُردو کو ایک نئی زندگی اور توانائی بخشنے کے لیے اس کا سائنسی مزاج بنایا جائے۔ وائس چانسلر نے مزید کہا کہ چونکہ یونیورسٹی کا آغاز عملاً صفر سے ہوا تھا اس لیے ابتدا ہی سے اُن کے دماغ میں یونیورسٹی کے لیے چار باتیں بہت اہم تھیں۔ پہلی بات یہ کہ جلد از جلد تعلیمی سلسلہ شروع ہو تاکہ لوگ اسے ایک متحرک اور فعال ادارہ تصور کریں۔ دوسری بات یہ کہ آگے بڑھنے کے لیے اس کی اپنی ایک طے شدہ سمت ہو جس پر اسے منصوبہ بند طریقے سے آگے بڑھایا جاسکے۔ اس کے علاوہ اپنے عملے کی فراہمی اور اپنے کیمپس کی تعمیر ان کی ترجیحی فہرست میں شامل تھیں۔ یہ تمام باتیں وہ اپنی پانچ سالہ مدت میں ہی پوری کرلینا چاہتے تھے۔ وائس چانسلر نے اظہار اطمینان کیا کہ اُنہیں یونیورسٹی کو صحیح رُخ دینے میں کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔

سابق وزیر اعظم ہند اور مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے چانسلر جناب **اندر کمار گجرال** نے اپنی تقریر کا آغاز یونیورسٹی کے لیے توصیفی کلمات سے کیا اور پھر مولانا آزاد کی ہمہ جہت شخصیت پر بھرپور روشنی ڈالی۔ اُنہوں نے کہا کہ مولانا آزاد ہندستان کے ایسے واحد رہنما تھے جو انڈین نیشنل کانگریس کے لگاتار سات برسوں تک صدر بنے رہے۔ وہ ہندستان کے لیے بڑا نازک دور تھا۔ ملک نے کروٹ لینی شروع کردی تھی اور صبح آزادی کی تمازت محسوس ہونے لگی تھی۔ اُس وقت مولانا ہی جیسے رہنما کی ضرورت تھی۔ کانگریس کے صدر ہونے کی حیثیت سے وہی انگریز حکمراں کی طرف سے آنے والے اہم مشن سے بات چیت کرتے تھے۔ جناب گجرال نے مولانا کے اس بیان کو یاد دلایا کہ اگر اُن سے قدرت یہ سوال کرے کہ اُنہیں آزادی چاہیے یا ہندو مسلم اتحاد تو میں ہندو مسلم اتحاد کو ترجیح دوں گا۔ یہی مولانا آزاد کی شخصیت کی سب سے خاص بات تھی۔ مولانا آزاد بڑے سخت مذہبی انسان تھے مگر علاحدگی پسند نہیں تھے۔ اُنہوں نے تقسیم ہند کی آخری حد تک مخالفت کی اور کہا جاسکتا ہے کہ کیبنٹ مشن پلان کے صحیح معنوں میں وہی خالق تھے جس کے تحت اراضی کی تقسیم نہیں ہونی تھی مگر ظالم وقت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ سابق وزیر اعظم نے مزید کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آنے والے دنوں میں مولانا آزاد کے خیالات' نظریات' تصنیفات اور تعلیمات کو عام کرنے میں مولانا آزاد یونیورسٹی اہم کردار ادا کرے گی اور تاریخ اُن کے ساتھ انصاف کرے گی۔

صدر جمہوریہ ہند اور یونیورسٹی کے وزیٹر جناب **کے آر نرائنن** نے اپنے کلیدی خطبے میں کہا کہ مولانا آزاد ہماری طویل جدوجہد آزادی کی ایک انتہائی قد آور شخصیت ہیں۔ وہ انتہائی دور اندیش انسان تھے۔ اُنہوں نے پچاس سال پہلے ہی ہندستان کی سنگین صورتحال کا اندازہ کرلیا تھا اور اُنہوں نے ملک و قوم کو اس سے آگاہ بھی کردیا تھا۔ صدر جمہوریہ نے اُردو یونیورسٹی اور اُردو زبان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی فروغ اُردو کے سلسلے میں نہ صرف قومی بلکہ بین اقوامی سطح پر گرانقدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ اُنہوں نے آنجہانی وزیر اعظم پنڈت نہرو کے اس قول کی یاد دہانی کرائی کہ اُردو مغربی ایشیا اور ایسے ممالک کے درمیان رابطے کی زبان ہے جن سے دوستی کرنا ہندستان کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ اُردو مختلف تہذیبوں کی نمائندگی کرتی ہے اور یہ خالص ہندستان کی زبان ہے۔ جناب کے آر نرائنن نے ہندی ساہتیہ سمیلن منعقدہ اندور' 1918 میں راشٹر پتا گاندھی جی کے دیے گئے اس بیان کا ذکر کیا کہ اُردو کے بغیر ہندی نامکمل ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ مہاتما گاندھی اور پنڈت نہرو کی طرح مولانا آزاد بھی تعلیم نسواں کے زبردست حامی تھے اور کہا کرتے تھے کہ تعلیم کسی کا انتظار نہیں کرتی اور ہمارے تعلیمی پروگرام کی کامیابی بہر حال موزوں تعلیم نسواں کے انتظام پر ہی منحصر ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر جیراجپوری نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس اجلاس کے اختتام کا اعلان کیا۔ (اس اجلاس کے تینوں مقررین کی مکمل تقریریں اس نیوز میگزین میں شامل ہیں۔)

## تیسرا اجلاس

بہار و مغربی بنگال کے گورنر پروفیسر اخلاق الرحمٰن قدوائی کی صدارت میں لنچ کے بعد تیسرے سیشن کا آغاز ہوا۔ اس اجلاس کی سب سے پہلی تقریر دارالمصنفین' اعظم گڑھ کے ناظم **مولانا ضیاء الدین احمد اصلاحی** نے کی۔ "مولانا آزاد اور رواداری کا مفہوم" کے عنوان سے اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا اصلاحی نے کہا کہ ترجمان القرآن میں مولانا نے سورہ فاتحہ کی جو تفسیر بیان کی ہے وہ اُن کا شاہکار ہے۔ اس سورۃ میں بالترتیب خدا کی تین صفتیں ربوبیت' رحمت اور عدل بیان کی گئی ہیں۔ ان تینوں صفات کی حقیت اور ماہیت کی مولانا نے وضاحت کی ہے۔ مولانا آزاد کے خیال میں ہم کسی ایک گوشے کے ہو کر نہیں رہ سکتے بلکہ ہمیں دوسرے گوشوں کی بھی خبر رکھنی پڑتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مولانا مذہبی تنگ



Scanned with CamScanner

وائس چانسلر کے تشکیل شدہ بورڈ نے ان میں سے 32 آرکی ٹیکٹس کا انتخاب کیا اور انھیں بورڈ کے سامنے اپنے تصوراتی خاکے پیش کرنے کے لیے کہا گیا۔ ان میں سے 15 آرکی ٹیکٹس نے بورڈ کے سامنے اپنے مجوزہ پلان پیش کیے۔ بورڈ نے ان میں سے 5 کا انتخاب کیا اور یونیورسٹی کی تمام تر ضروریات سے انھیں مفصل طور پر آگاہ کیا گیا۔ ان پانچوں کو ایک بار پھر بورڈ کے سامنے اپنی تجاویز پیش کرنے کے لیے کہا گیا جس کی بنیاد پر یونیورسٹی نے اپنا ماسٹر پلان منظور کر لیا۔ آئندہ کیمپس کی تمام تر پیشرفت اسی ماسٹر پلان کی بنیاد پر ہوگی۔

یونیورسٹی کو مرکزی حکومت سے معمول کے مطابق منظورہ فنڈ کے علاوہ Distance Education Council سے بھی گرانٹ فراہم ہوئی۔ DEC کی گرانٹ جن مقاصد کے تحت یونیورسٹی کو حاصل ہوئی اُن میں تدریسی مواد کی تیاری، ترجمہ اور تدوین، نئے علاقائی اور اسٹڈی سنٹروں کا قیام، طلبہ سے متعلق اعانتی خدمات اور ٹکنالوجی کا استعمال شامل ہے۔ اس مالی امداد سے یونیورسٹی نے ریجنل سنٹروں کو کمپیوٹر وغیرہ اور اسٹڈی سنٹروں کو مطلوبہ ضروری فرنیچر فراہم کیا۔ یونیورسٹی نے اس گرانٹ سے استفادہ کرتے ہوئے ترجمہ کا 25 روزہ ورک شاپ بھی منعقد کیا جس میں اگنو کے بی۔ کام سال سوم کی کتابوں (25 بلاک) کا اُردو میں ترجمہ کیا گیا۔ کورس میٹریل کی تیاری اور اسٹڈی سنٹروں میں کام کرنے والے جزوقتی اسٹاف کی تنخواہوں کی ادائی کے لیے بھی یہ فنڈ استعمال کیا گیا۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے لائبریری سے متعلق تشکیل دیے گئے INFLIBNET پروگرام پر عمل آوری کا کام بھی یونیورسٹی میں بہت جلد شروع ہوگا۔ اس سلسلے میں یونیورسٹی کو یوجی سی سے 6.5 لاکھ روپے حاصل ہو چکے ہیں۔ یونیورسٹی ایک مکمل اور مستحکم کمپیوٹر لیب قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ یہ لیب کیمپس میں منتقل ہونے کے بعد قائم کیا جائے گا۔

## یونیورسٹی ہیڈ کوارٹر: ٹولی چوکی، حیدرآباد 008 500 (آندھراپردیش)

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وائس چانسلر آفس | 3562944,3560703 | رجسٹرار | 3562944 | فینانس آفیسر | 3565502 | انتظامیہ | 3562159 |
| نظامت فاصلاتی تعلیم | 3560696,3562161 | ٹرانسلیشن ڈویژن | 3562967 | لائبریری | 3562965 | شعبہ رابطہ عامہ | 3562945 |

## ریجنل سنٹرس (3)

دہلی: D-277، نیو مارکٹ اپارٹمنٹس، اوکھلا گاؤں، جامعہ نگر، نئی دہلی 025 110 فون نمبر 011-6838260, 6934762

بنگلور: الامین آرٹس سائنس اینڈ کامرس کالج، ہسور روڈ، قریب لال باغ گیٹ، بنگلور-027 560 فون نمبر 080-2228329

پٹنہ: فلیٹ نفیس حیدر، علی نگر، انیس آباد، پٹنہ 002 800 (بہار) فون نمبر 0612-252971

## اسٹڈی سنٹرس (51)

**آندھراپردیش** (13) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول، گولکنڈہ، حیدرآباد، پی۔ جی۔ کالج، سکندرآباد، پرنس شاہکار کالج فار ویمن، پرانی حویلی، حیدرآباد، ممتاز کالج، ملک پیٹ، حیدرآباد، آرٹس اینڈ سائنس کالج، ہنماکنڈہ، ورنگل، گولڈن جوبلی ہائی اسکول (اردو میڈیم)، قلعہ روڈ، نظام آباد، المدینہ کالج آف ایجوکیشن، سلام نگر، محبوب نگر، عثمانیہ کالج، کرنول، عثمانیہ ڈگری کالج، رامیشورم، پروداتور، آندھرا مسلم کالج، پتور روڈ، گنٹور، کریسنٹ اسکول، کریم نگر، سٹی جس انگلش میڈیم اسکول، اشوک روڈ، عادل آباد، مدناپلی پبلک اسکول، ایم ایم اسٹریٹ، مدناپلی، ضلع چتور **کرناٹک** (6) بی بی رضا ڈگری کالج فار ویمن، آرٹس اینڈ سائنس کالج، روضہء بزرگ، گلبرگہ، شاہین اُردو ہائی اسکول، شاہین ایجوکیشنل سنٹر، گاواں چوک، بیدر، انجمن ٹیچرس ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، گھنٹ کری، ہبلی، الامین آرٹس، سائنس اینڈ کامرس کالج، بنگلور، المحمود کمپوزٹ آرٹس اینڈ سائنس کالج، شموگہ، گورنمنٹ جونیر کالج فار بوائز، کوپال **تمل ناڈو** (1) اسلامیہ کالج، نیو جاون، وانیم باڑی **کیرالا** (1) مرکز الثقافتہ السنیہ الاسلامیہ، آئی جی روڈ، کالی کٹ **مہاراشٹر** (10) مدینۃ العلوم ہائیر سکنڈری اسکول، جگ جیون رام روڈ، ناندیڑ، مولانا آزاد ایجوکیشن سوسائٹی، روضہ باغ، اورنگ آباد، انجمن اسلام کالج، چھترپتی شیواجی ٹرمنس، ممبئی، انجمن خیر البشر، جے سنگھ پور، شرول، کولہاپور، صمدیہ ہائی اسکول، صمد نگر، بھیونڈی، مرہٹواڑہ انسٹی ٹیوٹ آف اسٹڈی اینڈ ریسرچ، پربھنی، الامین سیکنڈری اینڈ ہائر سیکنڈری اسکول، اُدگیر، لاتور، دکن مسلم ایجوکیشن اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، مودی خانہ، پونے، یوس نیشنل ہائی اسکول فار بوائز اینڈ جونیئر کالج، مولانا آزاد روڈ، ناسک، جرمن پرکھار ہائی اسکول، مندن گڑ، باکوٹ، ضلع رتناگری **دہلی** (2) شفیق میموریل اسکول، باڑہ ہندو راؤ، دہلی، ڈپارٹمنٹ آف اُردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی **بہار** (2) ریجنل آفس، اُردو یونیورسٹی، انیس آباد، پٹنہ، ملت کستوربا گاندھی مہیلا انٹر کالج، اسٹیشن روڈ، سمستی پور **مغربی بنگال** (2) مسلم انسٹی ٹیوٹ، حاجی محمد محسن اسکوئر، کولکتہ، انوار الاسلام ایجوکیشن کمپلکس، بھٹن بازار، آسنسول **مدھیہ پردیش** (2) اُردو تعلیمی مجلس، عیدگاہ روڈ، بلاسپور، ڈاکٹر ذاکر حسین ٹیچرس ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، اسٹیشن درگاہ روڈ، برہان پور **اترپردیش** (9) شبلی نیشنل کالج، اعظم گڑھ، شمسی گرلز ہائیر سکنڈری اسکول، دو مہلا روڈ، رامپور، اے آئی ٹی انٹر کالج، جگن پور، فیض آباد، جنت نشان اُردو کالج، بھوکران، مراد آباد، فیض عام کالج، میرٹھ، ڈاکٹر اقبال لائبریری، کانپور، اسلامیہ گرلز انٹر کالج، سیول لائنس، بریلی، امیر الدولہ اسلامیہ ڈگری کالج، لکھنؤ، یوپی رابطہ کمیٹی، آزاد نگر، دودھ پور، علی گڑھ **راجستھان** (2) مولانا ابوالکلام آزاد مسلم ہائیر سکنڈری اسکول، جودھپور، انسٹی ٹیوٹ فار نان فارمل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، کھانپور، اجمیر **جموں و کشمیر** (1) ڈپارٹمنٹ آف اُردو، یونیورسٹی آف جموں، جموں



# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کی یوم ابوالکلام آزاد تقریب : ایک رپورٹ

ــــــــــــــ ڈاکٹر محمد ظفرالدین

زندہ قوموں کی علامت ہے کہ وہ اپنے اسلاف اور اکابرین کا دل و جان سے احترام کرتی ہیں اور اُن کی یادوں کو نہ صرف سینے سے لگائے رہتی ہیں بلکہ گاہے گاہے اُن کی یادوں کا جشن بھی مناتی ہیں تاکہ نئی نسل اُن کے کارناموں سے کماحقہ واقف ہو سکے اور اُنھیں اُن کے شایانِ شان خراجِ عقیدت پیش کر سکے۔ ممتاز مجاہد آزادی اور آزاد ہندستان کے پہلے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں۔ اُن کی حیات اور کارنامے جدید ہندستان کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔ وہ ہمارے اُن رہنماؤں میں شامل ہیں جن کی کتابِ زندگی کا ایک ایک ورق مشعلِ راہ ہے۔ اُن کی کثیرالجہات شخصیت کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ اُن میں بچپن ہی سے تنظیم کاری اور ادارہ سازی کی صلاحیتیں موجود تھیں۔ علمی، ادبی اور تاریخی نوعیت کے رسائل کی اشاعت اور کانگرس پارٹی میں اُن کی سرگرمیاں اس بات کی غماز ہیں کہ شروع ہی سے اُن کا مزاج کسی بھی کام کے لیے پہل کرنے کا تھا۔ وہ جو سوچتے تھے اور جسے مناسب سمجھتے تھے اُسے عملی جامہ پہنانے کی قدرت بھی رکھتے تھے۔ ملک کی پہلی کابینہ میں جب اُنھیں محکمہ تعلیمات کا وزیر بنایا گیا تو اُنھوں نے یکے بعد دیگرے ایسے بے شمار ادارے قائم کر ڈالے جن کی معنویت اور افادیت تب بھی تھی اور آج بھی ہے۔ بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اُن کی اہمیت میں روز افزوں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ نئے اداروں کے قیام کے ساتھ ہی اُن کا ایک کارنامہ یہ بھی ہے کہ اُنھوں نے علمی اور تہذیبی و ثقافتی نوعیت کے بے شمار پرانے اداروں میں نئی جان بھی ڈالی۔ مولانا کے سانحہ ارتحال کے بعد سے لے کر اب تک متعدد نجی اور سرکاری ادارے اُن کے نام سے موسوم کیے جا چکے ہیں۔ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی اُنھیں اداروں میں سے ایک ہے۔ اس یونیورسٹی نے اپنے قیام کے ساتھ ہی یہ صالح روایت ڈالی کہ ہر سال مولانا کے یوم پیدائش یعنی ۱۱ نومبر کو "یومِ ابوالکلام آزاد" کے طور پر منایا جائے گا۔ تین سال تک لگاتار یونیورسٹی نے یومِ ابوالکلام آزاد کا اہتمام اپنے ہیڈ کوارٹر حیدرآباد میں کیا لیکن چونکہ یہ ایک قومی یونیورسٹی ہے۔ اس کے لیے کسی مقام کی قید نہیں ہے اور پورا ہندستان اس کا احاطہ کار ہے اس لیے ۱۱ نومبر ۲۰۰۱ء کو یوم آزاد کا جشن نئی دہلی میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ ملک کے دارالسلطنت میں مقیم دانشور طبقہ اور محبانِ اُردو اس یونیورسٹی کو قریب سے سمجھ سکیں۔ جشن کے انعقاد کے لیے نئی دہلی کے قلب میں واقع بہادر شاہ ظفر مارگ پر انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی کے انتہائی بارونق اور پروقار کمپلکس کا انتخاب کیا گیا۔ چھ ماہ سے بھی زائد عرصہ پہلے سے تیاری شروع کر دی گئی۔ یونیورسٹی کے چانسلر سابق وزیر اعظم جناب اندر کمار گجرال اور وائس چانسلر پروفیسر محمد شمیم جیراجپوری نے ملک کی سب سے بڑی شخصیت صدر جمہوریہ ہند عالیجناب کے آر نرائن سمیت تقریباً نصف صد انتہائی اہم افراد سے رابطہ قائم کیا اور اُنھیں مختلف حیثیتوں سے مجوزہ ایک روزہ جلسے میں شرکت کے لیے مدعو کیا۔ غالباً مولانا آزاد کے نام کی برکت تھی یا اِن دو شخصیتوں کا خلوص کہ تقریباً سبھی مدعو حضرات نے اپنی اپنی شرکت کی منظوری دے دی جن میں صدر جمہوریہ ہند، بہار و مغربی بنگال کے سابق گورنر پروفیسر اخلاق الرحمٰن قدوائی، سابق چیف جسٹس آف انڈیا جناب اے ایم احمدی، جامعہ ہمدرد کے چانسلر جناب سید حامد، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر جناب شاہد مہدی، جامعہ ہمدرد کے وائس چانسلر جناب سراج حسین، سابق سکریٹری حکومت ہند جناب موسیٰ رضا، سابق ممبر پارلیمنٹ سید شہاب الدین، جسٹس سید شاہ محمد قادری، پروفیسر امریک سنگھ، پروفیسر تا مور سنگھ اور خواجہ حسن ثانی نظامی وغیرہ شامل تھے۔ رفتہ رفتہ وقت گزرتا گیا اور جلسے کا دن قریب آتا گیا۔ وائس چانسلر نے پروگرام کو آخری شکل دیتے ہوئے اسے چار اجلاس میں تقسیم کیا۔ صدر جمہوریہ اور جناب اندر کمار گجرال صاحب نے اطلاع دی کہ وہ دونوں بارہ بجے دن میں جلسہ گاہ پہنچیں گے۔ لہٰذا اُن کی آمد سے قبل ایک سیشن منعقد کر لیے جانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پہلے سیشن کی صدارت کے لیے ملک کے ممتاز ماہر قانون جسٹس اے ایم احمدی کا نام طے ہوا جبکہ دوسرے سیشن یعنی جلسے کے کلیدی سیشن کی صدارت یونیورسٹی کے چانسلر جناب اندر کمار گجرال کو سونپی گئی۔ یونیورسٹیز کی یہ روایت ہے کہ جس کسی جلسے میں اگر چانسلر موجود ہو تو کرسیٔ صدارت پر اُسے ہی جلوہ افروز کیا جاتا ہے۔ مہمان خصوصی فطری طور پر صدر جمہوریہ قرار پائے اور خطبہ استقبالیہ پیش کرنے کا قرعہ فال وائس چانسلر پروفیسر جیراجپوری کے نام نکلا۔ تیسرے اور چوتھے سیشنس کی صدارت کے لیے بالترتیب بلندپایہ دانشور پروفیسر اخلاق الرحمٰن قدوائی اور ملک کے انتہائی ممتاز ماہر تعلیم جناب سید حامد سے گزارش کی گئی۔ جلسہ گاہ کو باذوق حضرات کی نگرانی میں سلیقے سے آراستہ کیا گیا۔ صدر جمہوریہ اور جناب گجرال صاحب کی وجہ سے سیکورٹی کے سیکڑوں افسران و جوان انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی کی پرشکوہ عمارت میں تعینات تھے۔

حسن اتفاق سے ۱۱ نومبر ۲۰۰۱ء کو اتوار کا دن تھا۔ یعنی عام تعطیل کا دن۔ لوگ روزمرہ کی مصروفیات سے فارغ تھے۔ موسم بھی خوشگوار تھا۔ موسم سرما کی آمد آمد تھی۔ صبح کی تمازت بھلی معلوم ہو رہی تھی۔ پہلے اجلاس کا وقت دس بجے سے طے کیا گیا تھا مگر لوگ ساڑھے نو بجے سے ہی آنا شروع ہو گئے۔ مہمانوں کے استقبال کے لیے صدر دروازہ پر دہلی سنٹر کے اسسٹنٹ ریجنل ڈائرکٹر ڈاکٹر شاہد پرویز موجود تھے جہاں دعوت نامے کی جانچ ہو رہی تھی۔ اُس سے ذرا فاصلے پر راقم الحروف یعنی یونیورسٹی کے پی آر او انچارج اور پھر اسسٹنٹ رجسٹرار جناب سید عبدالواجد موجود تھے۔ آڈیٹوریم کے باب الداخلہ پر وائس چانسلر پروفیسر جیراجپوری بنفس نفیس مہمانوں کا استقبال کر رہے تھے۔ باب الداخلہ کے قریب ہی یونیورسٹی نے ڈی اے وی پی، وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے "مولانا ابوالکلام آزاد: سیکولر قوم پرستی کے نقیب" کے عنوان سے ایک نمائش کا اہتمام کیا تھا جس میں مولانا آزاد کی حیات و



Scanned with CamScanner

# ڈپلوما اِن ایجوکیشن کے ذریعہ کیمپس ٹیچنگ کا آغاز

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے اپنے قیام کے چوتھے سال میں ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے ڈپلومہ ان ایجوکیشن کے ذریعے کیمپس ٹیچنگ کا آغاز کر دیا ہے۔ داخلے کی کارروائی مکمل ہو چکی ہے اور کلاسوں کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے۔ یہ یونیورسٹی کا پہلا روایتی (Conventional) کورس ہے۔

یہ ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ آج سارے عالم میں جس طریقہ تعلیم کو وقار حاصل ہو رہا ہے وہ فاصلاتی نظام تعلیم ہے۔ بدلتے ہوئے زمانے کے تقاضوں نے فاصلاتی نظام تعلیم کو جہاں مقبولیت بخشی ہے وہیں انفارمیشن ٹکنالوجی کی نت نئی ایجادات نے اس طریقے کو زیادہ موثر اور آسان بنادیا ہے۔ اُردو یونیورسٹی نے بھی اپنے قیام کے ساتھ اسی طریقہ تعلیم کو اختیار کرتے ہوئے اپنے اکیڈمک سفر کا آغاز کیا تھا ............ مگر اس کے باوجود یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کسی یونیورسٹی کا خیال آتے ہی جس انداز تعلیم کا تصور ذہن میں آتا ہے وہ کیمپس تعلیم ہے۔ یونیورسٹی کے ذکر کے ساتھ ایک متحرک کیمپس کا خیال آتا ہے۔ جس کے اجزائے ترکیبی کے طور پر اساتذہ و طلبہ کے ساتھ مختلف فیکلٹیوں' کورسوں اور کلاسوں کی شبیہ اُبھرتی ہے۔ اس کی وجہ انتہائی فطری ہے کیونکہ تعلیم کا سلسلہ جو صدیوں سے چلا آرہا ہے اُس میں کیمپس ٹیچنگ ہی کا رواج عام رہا ہے اور آج بھی بشمول ہندستان دُنیا کی بیشتر یونیورسٹیوں میں یہی طریقہ تعلیم رائج ہے۔ لہٰذا انسانی لاشعور میں یہی طریقہ تعلیم موجود ہے۔ اُردو یونیورسٹی نے کافی طویل جدوجہد اور مختلف سطح پر کی گئی کوششوں کے بعد اس کورس کو شروع کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے جسے نیشنل کونسل فار ٹیچرس ایجوکیشن کی منظوری حاصل ہے۔ یونیورسٹی نے اس کورس کے لیے جب اخبارات میں اشتہار دیے تو اس کا زبردست ردعمل ظاہر ہوا اور لوگوں نے انتہائی جوش و خروش کے ساتھ اس روزگار رُخی کورس کا خیر مقدم کیا۔ 75 نشستوں کے لیے آندھرا پردیش کے بیشتر اضلاع کے ساتھ مہاراشٹر' کرناٹک' تمل ناڈو' اترانچل' اترپردیش' دہلی اور مدھیہ پردیش سے 723 اُمیدواروں نے انٹرنس ٹسٹ کے فارم حاصل کیے جن میں سے 663 اُمیدواروں کے تکمیل شدہ فارم یونیورسٹی کو موصول ہوئے۔ 617 اُمیدواروں کو انٹرنس امتحان کے لیے اہل قرار دیتے ہوئے یونیورسٹی نے اُنھیں ہال ٹکٹ ارسال کیے جن میں سے 592 نے واحد امتحانی مرکز نظام کالج' حیدر آباد میں امتحان میں شرکت کی۔ ان میں سے 552 اُمیدواروں کو اُن کے حاصل شدہ نمبرات کی بنیاد پر کوالیفائیڈ قرار دیا گیا اور اُن میں سے میرٹ اور مختلف محفوظات کے تحت 75 طلبا و طالبات کو داخلہ دیا گیا۔ 26 دسمبر کو وائس چانسلر اور رجسٹرار کے خیر مقدمی خطاب کے ساتھ کلاسز کی شروعات ہو گئی۔ یونیورسٹی نے اِن طلبہ کی ضرورت کے پیش نظر ہندستان میں پہلی مرتبہ ڈی ایڈ کی کتابوں کا مکمل سیٹ اُردو میں تیار کیا جو 27 کتابوں پر مشتمل ہیں۔ ان کے موضوعات میں جدید ہندستان میں تعلیم' تعلیمی نفسیات' ابتدائی تعلیم' منصوبہ بندی' انتظامیہ اور معلم کی ذمہ داری' ماقبل تحتانی اور تحتانوی تعلیم کا پس منظر' کمپیوٹر ایجوکیشن' صحت و جسمانی تربیت کی تعلیم' طریقہ تعلیم اُردو' طریقہ تعلیم انگریزی' مواد اور طریقہ تعلیم ریاضی' طریقہ تعلیم ماحولیاتی مطالعہ سائنس اور طریقہ تعلیم ماحولیاتی مطالعہ سماجی علوم شامل ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ دو سال بعد جب یونیورسٹی کے پہلے ریگولر کورس کے یہ طلبہ ڈی ایڈ کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ عملی دُنیا میں قدم رکھیں گے تو روزگار ان کے قدم چومے گا۔ اُس وقت تک مزید دو بیچ کے داخلے مکمل ہو چکے ہوں گے اور یہ بھی عین ممکن ہے کہ یونیورسٹی میں بی ایڈ کی تدریس بھی شروع ہو چکی ہو اس لیے کہ یونیورسٹی نے اس جانب تیزی سے پیش قدمی شروع کر دی ہے۔

جیسا کہ آپ لوگوں کو علم ہے کہ یونیورسٹی ہر برس ۱۱ر نومبر کا دن بڑے تزک و احتشام سے یوم مولانا ابوالکلام آزاد کے طور پر مناتے آئی ہے۔ اس سال اس کا اہتمام ملک کی دارالحکومت نئی دہلی میں انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی کی شاندار بلڈنگ میں ہوا۔ یونیورسٹی میگزین کا زیر نظر شمارہ زیادہ تر اسی دن کی کارکردگی پر مشتمل ہے لہٰذا اسے "یوم آزاد نمبر" سے موسوم کیا گیا ہے۔ اس میں صدر جمہوریہ کے آر نارائنن اور سابق وزیر اعظم اندر کمار گجرال کی مکمل تقریریں اور اُن کے اُردو ترجمے بھی شامل ہیں جن سے مولانا آزاد' اُن کے نام سے منسوب اس یونیورسٹی اور اُردو زبان پر اُن کے خیالات کے ساتھ خود یونیورسٹی کے تعلق سے اُن کے تاثرات کا اندازہ ہوتا ہے۔

............................ ایڈیٹر


ڈی۔ ایڈ کلاس کے پہلے دن طلبا و طالبات وائس چانسلر اور رجسٹرار کے ساتھ

**اردو یونیورسٹی نیوز میگزین** پانچواں شمارہ' جنوری ۲۰۰۲ء
ایڈیٹر : ڈاکٹر محمد ظفرالدین' پبلک ریلیشنز افسر (انچارج)
سر پرست : پروفیسر محمد شمیم جیراجپوری' وائس چانسلر
ناشر و طابع : مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی
Public Relations Department
Sabza, Tolichowki, Hyderabad - 500 008, A.P., (India)
Phone & Fax No : 040-3562945, E.Mail : zafaruddin@lycos.com



# رجسٹرار کی رپورٹ

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے 1998ء سے اب تک کئی انڈر گریجویٹ اور سرٹیفکیٹ کورس شروع کیے ہیں۔ فی الوقت یونیورسٹی میں 14,000 سے زائد طلبا و طالبات ہیں جن کا تعلق ملک کے مختلف حصوں سے ہے۔ ان طلبا کو 51 اسٹڈی سنٹروں کے ذریعے کونسلنگ کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ یونیورسٹی نے اب تک 3 علاقائی مراکز پٹنہ' دہلی اور بنگلور میں قائم کیے ہیں جبکہ ممبئی' لکھنؤ اور کشمیر میں مزید تین مراکز کے قیام کی توقع ہے۔

یونیورسٹی میں غیر روایتی اُمیدواروں کو اہلیتی امتحان کے ذریعے داخلے دیے جاتے ہیں اور جو اُمیدوار 10+2 امتحان یا اس کے مساوی کسی امتحان میں کامیابی حاصل کر چکے ہیں' انھیں راست داخلے دیے جاتے ہیں۔

نویں پنچسالہ منصوبے میں یوجی سی نے یونیورسٹی میں تین اسکولوں کے قیام کی منظوری دی تھی جن میں اسکول آف لینگویجس لنگوسٹکس اور انڈولوجی' اسکول آف ماس کمیونیکشن اور جرنلزم اور اسکول آف کامرس اور بزنس مینجمنٹ شامل ہیں۔ یونیورسٹی نے فاصلاتی نظام اور کیمپس تدریس کے تحت متعدد سرٹیفکیٹ' ڈپلوما' انڈر گریجویٹ' پوسٹ گریجویٹ اور ریسرچ سطح کے کورسوں کے آغاز کے سلسلے میں ورکنگ پیپرس تیار کر لیے ہیں۔ اس شمارے کی اشاعت کے ساتھ ہی یونیورسٹی اپنے کیمپس میں منتقل ہو جائے گی اور توقع ہے کہ جون 2002ء سے کیمپس ایجوکیشن کا سلسلہ شروع کر دیا جائے گا۔ کیمپس میں منتقلی کے ساتھ ہی درج ذیل چھ شعبوں کا قیام عمل میں لایا جائے گا جن میں شعبۂ اُردو' شعبۂ ہندی' شعبۂ انگریزی' شعبۂ جرنلزم' شعبۂ کامرس اور شعبۂ ایجوکیشن شامل ہیں۔

کیمپس میں پیشہ ورانہ اور تربیتی کورس کے آغاز کے لیے بھی تیاریاں جاری ہیں اور اُمید ہے کہ اپنے کیمپس میں منتقلی کے بعد جلد ہی چند منتخب ووکیشنل سرٹیفکیٹ کورس شروع کر دیے جائیں گے۔ یونیورسٹی نے ترجمہ' املا اور اصطلاحات کے سلسلے میں ایک پالیسی تیار کرنے کے مقصد کے تحت جنوری 2000ء میں سہ روزہ قومی سمینار منعقد کیا تھا تاکہ مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کی کتابوں میں اصطلاحات اور املا کے استعمال کے سلسلہ میں یکسانیت پیدا کرنے کے لیے اتفاق رائے ہو سکے۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی نے مختلف نوعیت کے چھ سمپوزیم منعقد کیے تاکہ اس بات کا اندازہ لگایا جاسکے کہ لوگ اس یونیورسٹی سے کیا توقعات رکھتے ہیں اور یونیورسٹی ایکٹ اور مرکزی حکومت کے دیگر قوانین و ضوابط کی روشنی میں ان پر کس حد تک عمل آوری ممکن ہے۔ اس طرح کے سمپوزیم حیدر آباد (24-03-1998)' پٹنہ (02-05-1998)' حیدر آباد (24-06-1998 صرف خواتین کے لیے)' بنگلور (19-07-1998)' ممبئی (27-11-1999) اور نئی دہلی (25-11-2000) میں منعقد کیے گئے۔ ان تمام جلسوں میں متعلقہ شہر اور اس کے آس پاس کے ماہرین تعلیم اور دانشوروں کو مدعو کیا گیا اور اُن کی رائے معلوم کی گئی۔ یونیورسٹی نے پورے ملک میں پھیلی ہوئی اُردو آبادی میں تشہیر اور یونیورسٹی کے مقاصد اور خد و خال سے واقفیت کی مہم بھی چلائی۔

یونیورسٹی کے قیام کے چھ ماہ کے اندر ہی فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت تین سالہ ڈگری کورس بی۔ اے شروع کر دیا گیا۔ جس کے لیے فوری طور پر اُردو میں نصابی مواد کی ضرورت در پیش ہوئی۔ اس سلسلے میں یونیورسٹی نے ڈاکٹر بی۔ آر۔ امبیڈکر اوپن یونیورسٹی' حیدر آباد سے ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کر کے اُس کے کورسوں اور تدریسی مواد کو اُردو یونیورسٹی میں رائج کرنے کا اختیار حاصل کر لیا۔ اسی طرح بعض دوسرے کورسوں کے تدریسی مواد کے لیے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی' نئی دہلی سے یادداشت مفاہمت پر دستخط کیے گئے۔ فاصلاتی تعلیم کی اِن دو اہم یونیورسٹیوں سے مستعار تدریسی مواد کو اُردو یونیورسٹی کے ٹرانسلیشن ڈویژن کے ذریعے ایڈٹ اور ترجمہ کروالیا گیا۔ یونیورسٹی نے اگنو کے بی۔ کام سال دوم (29 بلاک)' بی۔ کام سال سوم (25 بلاک) اور سرٹیفکیٹ ان کمپیوٹنگ (16 بلاک) کی نصابی کتابوں کو بھی انگریزی سے اُردو میں منتقل کیا ہے۔ ٹرانسلیشن ڈویژن نے غیر اُردو داں طبقے کو ہندی اور انگریزی کے ذریعے اُردو سکھانے کا کورس بھی تیار کیا جو تین تین کتابوں پر مشتمل ہے۔ حسب ذیل دو کورسوں میں تعلیم کا سلسلہ بھی شروع کیا جاچکا ہے:

۱۔ اہلیت اُردو بذریعہ انگریزی ۲۔ اہلیت اُردو بذریعہ ہندی

اس کے علاوہ یونیورسٹی نے SCERT کا نظر ثانی شدہ نصاب اختیار کرتے ہوئے ہندوستان میں پہلی مرتبہ دو سالہ ڈپلوما کورس ڈپلوما اِن ایجوکیشن D.Ed. (برائے پرائمری اور اپر پرائمری اسکول ٹیچرس) کی نصابی کتابیں اُردو میں تیار کی ہیں۔ یہ کورس شروع کرنے کے لیے یونیورسٹی نے حکومت آندھرا پردیش سے No Objection Certificate اور نیشنل کونسل برائے ٹیچر ایجوکیشن (NCTE) سے منظوری حاصل کرنے کے بعد 75 طلبہ کو داخلے دیے۔ ڈی ایڈ کی کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس کے لیے ٹکنیکل لیب' لائبریری' کانفرنس روم' کلاس رومس اور اسٹاف رومس جیسی بنیادی سہولتیں بھی مہیا کر لی گئی ہیں۔

جیسا کہ نیوز میگزین کے قارئین کو علم ہے کہ مرکزی حکومت کی ایما پر حکومت آندھرا پردیش نے قدیم حیدر آباد۔ ممبئی ہائی وے پر منی کونڈا کے مقام پر یونیورسٹی کو 200 ایکڑ زمین الاٹ کی ہے جس پر 1.18 کروڑ روپے کی لاگت سے ساڑھے چار کیلو میٹر طویل احاطے کی دیوار تعمیر ہو چکی ہے۔ اُس زمین پر ایک کیمپ سائٹ آفس کی تعمیر بھی مکمل ہو گئی ہے جبکہ ایک وسیع ایڈمنسٹریٹیو بلاک (G+3) کی تعمیر بھی بالکل آخری منزلوں میں ہے۔ کیمپس میں پانی اور بجلی کا عارضی بندوبست بھی کیا جاچکا ہے۔

یونیورسٹی کا ماسٹر پلان تیار کرنے کے لیے اوپن آئیڈیا مقابلہ منعقد کیا گیا جس میں ملک کے تقریباً تمام بڑے شہروں سے تعلق رکھنے والے 54 آرکی ٹیکٹس نے شرکت کی۔



Scanned with CamScanner

## وائس چانسلر کے قلم سے

مجھے بحیثیت وائس چانسلر ۹ جنوری ۲۰۰۲ء کو پورے چار سال ہو گئے۔ ان چار برسوں میں یونیورسٹی جس طرح سے آگے بڑھی ہے وہ سب اس وقت میری آنکھوں کے سامنے ہیں اور ہم کو جن کٹھن راہوں سے ہو کر دشوار گزار منزلوں تک پہنچنا پڑا ہے ان کی تفصیلات بھی میرے ذہن میں محفوظ ہیں۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ جن عزائم کو لے کر میں چلا تھا وہ تقریباً پایۂ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں یا بس پہنچنے ہی والے ہیں۔ کسی یونیورسٹی کی زندگی میں صرف چار سالوں کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہوتی کیونکہ یونیورسٹیاں قائم ہوتی ہیں اور آگے بڑھتی رہتی ہیں۔ وہ وقت کے سانچے میں ڈھلتے ہوئے مناسب تبدیلیاں کرتی ہیں اور کس وقت کس چیز کی ملک اور بیرون ملک میں ضرورت ہے اُس کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے پروگراموں میں ترمیم بھی کرتی رہتی ہیں۔ پچھلے چار سالوں کی عملی جستجو کے بعد اس یونیورسٹی کے سلسلے میں چند ایک باتیں میں بہت شدت سے محسوس کرتا ہوں اور انھیں قلمبند کر دینا ضروری سمجھتا ہوں تاکہ آنے والے وقتوں میں یہ باتیں اعلیٰ عہدیداروں کی نظروں سے اوجھل نہ ہو جائیں۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ہمیں اُردو یونیورسٹی کو کسی عام یونیورسٹی کے بجائے ایک تحریک کے طور پر آگے بڑھانا ہوگا۔ جس طرح سر سید احمد خاں اور اُن کے رفقائے کار نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی (جس کی ابتدائی شکل محمڈن اینگلو اورینٹل کالج تھی) کو پروان چڑھایا تھا ٹھیک اسی طرح ہمارے تمام عہدیداران' کارکنان' اسٹاف اور تمام کمیٹیوں کو پوری لگن اور ایک جدو جہد کے طور پر کام کرنا ہوگا کیونکہ اس یونیورسٹی میں اُردو ذریعہ تعلیم سے ۵۰ سالوں پہلے ٹوٹا ہوا سلسلہ جلد از جلد نہ صرف جوڑ لینا ہے بلکہ اُسے مستحکم بھی کر لینا ہوگا۔ اب تک کے طلبہ اور طالبات کے معاشی پہلو کا تجزیہ کرنے سے یہ بات کھل کر سامنے آئی ہے کہ فی الوقت جو لوگ یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کی خواہش رکھتے ہیں وہ نسبتاً متوسط سے لے کر نچلے طبقے کے لوگ ہی ہیں جو شاید انگریزی میں تعلیم حاصل کرنے اور کامیاب ہونے کی اہلیت نہیں رکھتے اور نہ کسی دیگر زبان میں تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ مجھے اُمید ہے کہ یونیورسٹی کی کارکردگی جیسے جیسے مضبوط اور مستحکم ہوتی جائے گی لوگ اُردو یونیورسٹی کو اپنی پہلی پسند کے طور پر اپنانے لگیں گے اور اس سے متوسط یا اس سے اوپر کے طبقے کے لوگ بھی آکر جڑنے لگیں گے۔ اس لئے شاید آنے والے کچھ اور سالوں تک ہمارے کورسز ایسے ہی ہونے چاہئیں جو اس طبقے کی تعلیمی ضروریات کے مطابق ہوں جو یونیورسٹی سے اس وقت جڑا ہوا ہے۔

گو کہ ہمارے ابتدائی پروگراموں میں کافی طلبہ اور اُن سے زیادہ طالبات نے گریجویشن (بی اے' بی ایس سی' بی کام) کورسوں میں داخلے حاصل کیے ہیں لیکن شاید انھیں اپنا ٹوٹا ہوا تعلیمی سلسلہ استوار کرنے کی فکر زیادہ ہے۔ ممکن ہے کہ ان میں سے کچھ نے یہ بھی سوچا ہو گا کہ اس طرح سے ان کے لیے شاید ایسے راستے بھی کھلیں گے جو انھیں مستقبل میں ملازمت بھی دلا سکیں۔ میرا یقین ہے کہ اِس یونیورسٹی سے لوگوں کی توقعات اُسی وقت پوری ہو سکیں گی جب یہ یونیورسٹی ایسے کورسز کو نافذ کرے گی جن میں روزگار کے امکانات بہت مستحکم ہوں گے۔ یہ حقیقت ابھی حال ہی میں کھل کر سامنے آئی جب ہم نے ایجوکیشن میں ابتدائی سطح کا ایک پروگرام ڈی ایڈ (دو سالہ ڈپلومہ ان ایجوکیشن) شروع کیا جو اُردو ٹرینڈ ٹیچرس کی کمی کو پورا کرنے میں کافی معاون ثابت ہوگا تو اس میں درخواستوں کی کثیر تعداد اور انٹرنس امتحان میں تقریباً تمام اُمیدواروں کی شمولیت اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ زیادہ تر طلبہ روزگار پانے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لہٰذا یونیورسٹی کو اس بات کو کبھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کیونکہ تعلیمی میدان میں ہزاروں طرح کے کورسز ہیں اور بنائے جا سکتے ہیں۔ روایتی یونیورسٹیوں میں بہت سے کورسز مجبوراً بھی چلانے پڑتے ہیں۔ کبھی کبھی محض خانہ پُری کے لئے۔ لیکن آج اگر بڑی سے بڑی یونیورسٹی پر نگاہ ڈالیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ بہت سے مضامین جو آج سے چالیس پچاس سال پہلے بہت اہمیت کے حامل تھے وہ یا تو دم توڑ چکے ہیں یا جانکنی کے عالم میں ہیں۔ ہماری یونیورسٹی کے پاس ایسی کوئی مجبوری نہیں ہے کہ وہ ہر ایک کورس کو رائج ہی کرے بلکہ میں تو یہ بھی کہوں گا کہ ایک نئی یونیورسٹی ہونے کی وجہ سے اسے یہ خوشگوار سہولت حاصل ہے کہ یہ ایسے مضامین سے جب تک ہو سکے گریز کرے۔ فی الوقت میں ایسے مضامین کی تفصیل میں جانا مناسب نہیں سمجھتا۔ ہماری اکیڈمک کونسل کو بھی اس حقیقت کو ہمیشہ مد نظر رکھنا چاہیے۔ یہاں اس بات کا بھی تذکرہ کرنا مناسب ہوگا کہ کافی تگ و دو کے بعد تین سالوں کے لئے یونیورسٹی کی پہلی اکیڈمک کونسل تو بن گئی ہے لیکن اسی کے ساتھ تین سال پہلے سے قائم اگزیکیٹو کونسل کی مدت ختم ہو چکی ہے یعنی کبھی ہمارے پاس صرف اگزیکیٹو کونسل تھی اور اب صرف اکیڈمک کونسل ہی ہے۔ میں کوشش کر رہا ہوں کہ جلد از جلد نئی اگزیکیٹو کونسل بھی تشکیل پا جائے تاکہ یہ دو اہم باڈیز یونیورسٹی کی ترقی کے لیے کام کرتی رہیں۔

ترجمہ' اصطلاحات اور املا کی اہمیت کے بارے میں میں لکھتا ہی رہا ہوں اور یونیورسٹی نے اس کو کافی سنجیدگی سے لیا بھی ہے۔ آنے والے وقتوں میں نہ صرف اس سنجیدگی کو قائم رکھنا ہوگا بلکہ اسے آگے بھی بڑھانا ہوگا کیونکہ یہ بات ہمیں نہیں بھولنی چاہیے کہ عثمانیہ یونیورسٹی کا بہت مشہور اور فعال ٹرانسلیشن ڈویژن تیس برس کے طویل عرصے میں تقریباً چار سو کتابیں ہی تیار کر سکا تھا جبکہ میرے تخمینے کے اعتبار سے دور حاضر میں ہر برس تقریباً ہر ایک مضمون میں کم از کم پانچ سو سے لے کر ہزار تک نئی کتابیں مختلف گوشوں اور مختلف زبانوں میں شائع ہوتی ہیں۔ اب آپ خود یونیورسٹی کو درپیش دشواریوں کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

**زیر نظر شمارے سے آپ کو اس کی ہیئت میں تبدیلی محسوس ہوگی۔ اسے اب نیوز لیٹر سے نیوز میگزین کا درجہ دے دیا گیا ہے جو تیزی سے وسعت اختیار کرتی ہوئی اس یونیورسٹی کے عین مطابق ہے۔ اس میں اب خبروں اور کارکردگی کے ساتھ رپورتاژ' تقاریر اور یونیورسٹی یا اس کے کورسز کے تعلق سے مضامین کی اشاعت بھی عمل میں آسکے گی جس سے اس یونیورسٹی کے بارے میں آپ کو زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوگی۔**

مجھے یقین ہے کہ آپ کی دعاؤں اور نیک خواہشات کے ساتھ یہ یونیورسٹی آگے بڑھتی ہی رہے گی۔

محمد شمیم جیراجپوری

(محمد شمیم جیراجپوری)



## یومِ مولانا ابوالکلام آزاد تقریب کی چند جھلکیاں










مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

# اُردو یونیورسٹی

شمارہ نمبر پانچ (۵)　جنوری ۲۰۰۲ء　نیوز میگزین


## یوم مولانا ابوالکلام آزاد نمبر




■ ۱۱ نومبر ۲۰۰۱ء کو مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے زیراهتمام انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی، نئی دهلی میں منعقد یومِ مولانا ابوالکلام آزاد تقریب میں سابق وزیراعظم هند اوریونیورسٹی کے چانسلر جناب اندرکمار گجرال، صدرجمهوریه هند اور یونیورسٹی کے وزیٹر جناب کے. آر. نرائنن اور وائس چانسلر پروفیسر محمد شمیم جیراجپوری